

AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE

جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت

DAILY MASAFAT LAHORE

روزنامہ مسافت لاہور

بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)

ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید

چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء

ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

قیمت 10 روپے

جلد نمبر 24 | منگل 22 رمضان المبارک 1445ھ 2 اپریل 2024ء 20 چیت 2079ب | شمارہ نمبر 287

# دانش سکول بچوں کو عالمی معیار کی تعلیم رہائش کی سہولت بھی فراہم کریں گے، وزیر اعظم

## گلگت بلتستان کے لوگوں کی ترقی، انہیں صحت اور تعلیم کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، گلگت بلتستان میں سیاحت کی وسیع استعداد سے بھرپور فائدہ اٹھانے کیلئے سفارشات مرتب کر کے پیش کی جائیں

## وزیر اعظم سے وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان سے ملاقات، گلگت بلتستان کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے کمیٹی تشکیل، کمیٹی گلگت بلتستان کو درپیش تمام مسائل پر مشاورت کے بعد اپنی سفارشات پیش کرے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے گلگت بلتستان کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ کمیٹی گلگت بلتستان کو درپیش تمام مسائل پر مشاورت کے بعد اپنی سفارشات پیش کرے، گلگت بلتستان میں غریب و نادار گھرانوں سے تعلق رکھنے والے بچوں اور بچیوں کیلئے دانش اسکول قائم کر رہے ہیں، دانش سکول بچوں کو بین الاقوامی معیار کی اعلیٰ تعلیم کے ساتھ ساتھ رہائش کی سہولت بھی فراہم کریں گے۔ وزیر اعظم آفس سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف سے وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان گلبر خان نے ملاقات کی جس میں وزیر اعظم نے گلگت بلتستان کے تینوں ڈویژنز میں دانش اسکول تعمیر کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے گلگت بلتستان کو درپیش مسائل کے حل کے حوالے سے کمیٹی تشکیل دی ۔ وزیر (بقیہ نمبر 1)

وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## ججز کے خط پر جوڈیشل انکوائری کیلئے سپریم کورٹ میں درخواست دائر

## چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے زیر سربراہی 7 رکنی لارجر بینچ آج صبح ساڑھے 11 بجے سماعت کریگا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن نے اسلام آباد ہائی کورٹ کے 6 ججز کے خط کی جوڈیشل انکوائری کے لیے سپریم کورٹ میں درخواست دائر کردی۔ لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے سپریم کورٹ میں دائر درخواست میں حکومتِ پاکستان اور وفاق کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ 6 ججز کے خط پر سپریم کورٹ ججز سے جوڈیشل انکوائری کروائی جائے۔ (بقیہ نمبر 2)

# سینیٹ الیکشن: پیپلز پارٹی سب سے زیادہ نشستیں لینے میں کامیاب

## سندھ سے پیپلز پارٹی کی قراۃ العین، روبینہ قائمخانی، سرمد علی، بیرسٹر ضمیر، کاظم علی، اشرف جتوئی، مسرور احسن، ندیم بھٹو، دوست علی، پونجول بھیل کامیاب، 2 جنرل نشستوں میں سے ایک پر آزاد امیدوار فیصل واوڈا، دوسری پر عامر چشتی سینیٹر منتخب

## پنجاب میں ٹیکنوکریٹ نشست پر محمد اورنگزیب 128 ووٹ حاصل کر کے فتح یاب قرار پائے، مصدق ملک نے 121 ووٹ لے کر کامیابی حاصل کی، خواتین نشست پر انوشہ رحمان 125 اور بشریٰ انجم بٹ 123 ووٹ حاصل کر کے کامیاب قرار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی سب سے زیادہ نشستیں لینے میں کامیاب ہوگئی۔ سینیٹ کی 19 خالی نشستوں پر ووٹ ڈالے گئے، سندھ کی 12، پنجاب کی 5 اور اسلام آباد کی 2 نشستوں پر ووٹنگ ہوئی۔ اسلام آباد سے جنرل نشست پر پیپلز پارٹی (بقیہ نمبر 6)

## قازقستان کے سفیر کی وزیر دفاع سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

## پاکستان قازقستان کے ساتھ قریبی دوستانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (این این آئی) جمہوریہ قازقستان کے سفیر یرزان کستافین نے وزیر دفاع خواجہ آصف سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات پر گفتگو کی گئی۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پاکستان قازقستان کے ساتھ قریبی دوستانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ پاکستان (بقیہ نمبر 7)

## عید کا چاند دیکھنے کیلئے رؤیت ہلال کمیٹی کا اجلاس 9 اپریل کو طلب

لاہور (این این آئی) عیدالفطر کا چاند دیکھنے کے لئے مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس 9 اپریل کو اسلام آباد میں طلب کر لیا گیا۔ (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف زرداری سے سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق ملاقات کر رہے ہیں

# سلامتی کونسل اسرائیل کو غیر قانونی اقدامات سے روکے، پاکستان

## ایرانی قونصل خانے پر اسرائیلی میزائل حملے کی مذمت، متاثرین کے اہل خانہ، عوام اور حکومت کیساتھ تعزیت میں برابر کے شریک ہے

## حملہ شام کی خودمختاری کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی خلاف ورزی ہے، ترجمان دفتر خارجہ زہرہ بلوچ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے شام کے دارالحکومت دمشق میں ایرانی سفارت خانے کے قونصلر سیکشن پر اسرائیلی حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل سے اسرائیل کو ایسے عمل سے روکنے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ نے اپنے (بقیہ نمبر 3)

## صدر سے سپیکر کی ملاقات ، پارلیمانی امور اور قانون سازی کے اُمور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری سے اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے ملاقات کی جس میں اسپیکر قومی (بقیہ نمبر 5)

## لیسکو کا کریک ڈاؤن، مزید 392 ملزمان بجلی چوری میں ملوث

## بجلی چوروں کو 3 ارب 25 کروڑ 53 لاکھ 82 ہزار 185 روپے کے ڈیٹکشن بل جاری، ترجمان

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے رمضان المبارک میں بھی بجلی چوروں کے خلاف آپریشن جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 392 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے، جن میں سے 172 کے خلاف مقدمات درج کرا دیئے گئے۔ (بقیہ نمبر 1)

# حکومت مطیع اللہ جان کیس میں کچھ نہیں کرتی تو ایسا حکم دیں گے جو پسند نہیں آئے گا، سپریم کورٹ

## درخواست گزاروں میں کوئی چکوال کا تھا کوئی اسلام آباد کا، کون سا مشترکہ مفاد تھا جو ان درخواستگزاروں کو ساتھ لایا تھا؟ جسٹس قاضی فائز عیسیٰ

## سپریم کورٹ نے ایف آئی اے کی جانب سے صحافیوں کو نوٹسز جاری کر دیئے، اٹارنی جنرل کی درخواست گزاروں کو نوٹس جاری کرنے کی حمایت

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کی جانب سے صحافیوں کو نوٹسز جاری کرنے کے حوالے سے کیس کی سماعت کرتے ہوئے ریمارکس دیے اگر حکومت مطیع اللہ جان کے کیس میں کچھ نہیں کرتی تو ایسا حکم دیں گے جو پسند نہیں آئے گا۔ چیف جسٹس کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے کیس کی سماعت کی۔ سماعت کے آغاز پر پریس ایسوسی ایشن کے وکیل بیرسٹر صلاح الدین نے کہا کہ کیس میں کچھ بھی ارجنٹ نہیں ہے، اس پر چیف جسٹس نے دریافت کیا کہ بیرسٹر حیدر وحید کہاں ہیں؟ وکیل نے بتایا کہ وہ میڈیا ریگولیشن سے متعلق اپنی درخواست واپس لینا چاہتے ہیں۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ نے استفسار کیا کہ مگر وہ عدالتی کارروائی کے لیے نہیں آئے، کیا ان کی پٹیشن آزادی اظہار کو یقینی بناتی یا مزید روکتی؟ ان کے کیس میں درخواست گزار کون (بقیہ نمبر 9)

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف لاہور کی تعمیر و ترقی کے پراجیکٹ سے متعلق خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

# مریم نواز شریف کا لاہور کے تمام واٹر فلٹریشن پلانٹس فعال کرنے کا حکم

## لاہور کی تعمیر و ترقی کی ہنگامی بنیادوں پر تکمیل کیلئے تین ماہ کی ڈیڈ لائن دے دی، ہر 10 دن بعد لاہور کی تعمیر و ترقی کے پلان پر عملدرآمد کا جائزہ لیا جائیگا

## ہر گلی محلے کو صاف دیکھنا چاہتی ہوں، مہم میں عوام بھی حکومت کا ساتھ دے، وزیر اعلیٰ کی زیر صدارت اجلاس، واسا، سینی ٹیشن اور دیگر امور پر تفصیلی بریفنگ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبائی دارالحکومت کے تمام واٹر فلٹریشن پلانٹس کو فعال کرنے کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں لاہور کی تعمیر و ترقی، واسا، سینی ٹیشن اور دیگر امور پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ مریم نواز نے لاہور کی تعمیر و ترقی کی ہنگامی بنیادوں پر تکمیل کے لئے تین ماہ کی ڈیڈ لائن دے دی۔ وزیراعلیٰ ہر 10 دن کے بعد لاہور کی تعمیر و ترقی کے پلان پر عملدرآمد کا جائزہ لیں گی، منصوبے کے تحت لاہور کی تمام چھوٹی بڑی سڑکوں کی تعمیر و مرمت کی جائے گی۔ اجلاس کے دوران لاہور کے 9 زونز میں ڈرینج اور سیوریج کی بحالی اور تعمیر و مرمت کا جائزہ لیا گیا جبکہ سیور ماسٹر پلان اور واٹر ٹینک بنانے کے پراجیکٹ پر بھی غور کیا گیا، وزیراعلیٰ نے جامع پلان طلب کرتے ہوئے واسا کو مشینری اور افرادی قوت کی ضروریات سے آگاہ کرنے کی (بقیہ نمبر 10)

## جو بائیڈن انتظامیہ اسرائیل کو مزید اسلحہ دینے کیلئے تیار

## حتمی منظوری امریکی انتظامیہ کی طرف سے دیے جانے کا انتظار ہے، ذرائع

واشنگٹن (این این آئی) امریکی جو بائیڈن انتظامیہ اسرائیل کو مزید جنگی طیارے اور جدید میزائلوں سمیت دوسرا جنگی اسلحہ فروخت کرنے کی ممکنہ صورتوں کا جائزہ لے رہی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کانگریس کے ایک ذریعے اور اس معاملے سے جڑے ایک دوسرے (بقیہ نمبر 10)

## ریلی نکالنے کا کیس: عمران خان، اسد عمر و دیگر ملزمان باعزت بری

اسلام آباد (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کو (بقیہ نمبر 11)

## بھارت کے بڑے پیمانے پر ہتھیاروں کا حصول علاقائی سلامتی کیلئے خطرہ ہیں، منیر اکرم

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ کے تخفیف اسلحہ کمیشن کو بتایا ہے (بقیہ نمبر 13)

وزیر اعظم شہباز شریف اپنا ووٹ کاسٹ کر رہے ہیں

## ایرانی سفارتخانے کو نشانہ بنانا قابل مذمت اقدام ہے، سعودی عرب

## مملکت بین الاقوامی سفارتی قوانین اور سفارتی استثنیٰ کے اصولوں کی خلاف ورزی سمجھتا ہے، بیان

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے شام کے دارالحکومت دمشق میں ایرانی قونصلیٹ کی عمارت کو نشانہ بنانے کی مذمت کی ہے۔ سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق وزارت خارجہ نے ایک (بقیہ نمبر 14)

## امن وامان کی صورتحال بہتر نہ ہوئی تو حکومت چھوڑ بھی سکتے ہیں، فیصل سبزواری

## وزیر داخلہ مذاق نہ اڑائیں، اتنی کلنگ کسی اور جگہ ہوتی تو آپریشن کا مطالبہ کیا جاتا، رہنما ایم کیو ایم

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) پاکستان کے رہنما فیصل سبزواری نے کہا ہے کہ امن وامان کی صورتحال بہتر نہیں ہوئی تو حکومت چھوڑ بھی سکتے ہیں۔ میڈیا سے (بقیہ نمبر 15)

# سیاسی استحکام کیلئے پی ٹی آئی کی طرف ہاتھ بڑھانے کو تیار ہیں، مصدق ملک

## اسوقت سیاسی استحکام سب سے بڑی ضرورت، پی ٹی آئی نے کوئی تعمیری اور مثبت سیاست نہیں کی، کیا ان کی سیاست صرف یہی ہے کہ جلاؤ گھیراؤ کرو

## بے یقینی کی کیفیت سے عالمی مارکیٹ میں پیٹرولیم قیمت میں تیزی آجاتی، اسوقت سب سے زیادہ اہم گیس کی قیمتوں میں کمی لانا ہے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم و رہنما مسلم لیگ (ن) مصدق ملک نے کہا ہے کہ اس وقت سیاسی استحکام سب سے بڑی ضرورت ہے، سیاسی استحکام سے ہی معاشی استحکام آئے گا، کچھ ذمہ داری پی ٹی آئی کی بھی ہے کہ وہ آگے آئے اور سیاسی استحکام میں اپنا حصہ ڈالے، بے یقینی کی کیفیت سے عالمی مارکیٹ میں خام تیل، پٹرول یا ڈیزل کی قیمت میں تیزی آجاتی ہے، اس وقت سب سے زیادہ اہم گیس کی قیمتوں میں کمی لانا ہے۔ پنجاب اسمبلی آمد (بقیہ نمبر 16)

## غزہ، اسرائیلی حملے میں غیر ملکی این جی او کے امدادی کارکنان ہلاک

## ہلاک امدادی کارکنان کا تعلق فلسطین، آسٹریلیا، پولینڈ اور برطانیہ سے ہے، رپورٹ

غزہ (این این آئی) وسطی غزہ میں اسرائیلی فضائی حملے کے نتیجے میں غیر ملکی این جی او ورلڈ سینٹرل کچن (ڈبلیو سی کے) کے 7 امدادی کارکن ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادا (بقیہ نمبر 17)

## پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانے کا اقدام لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانے کا اقدام لاہور (بقیہ نمبر 18)

## قومی اسمبلی، سنی اتحاد کونسل کے اراکین کو آزاد ارکان ڈکلیئر کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ نے اراکین اسمبلی کی تفصیلات (بقیہ نمبر 19)

## عون چوہدری کی کامیابی کیخلاف دائر درخواست کے قابل سماعت ہونے پر فیصلہ محفوظ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے رہنما پاکستان تحریک انصاف سلمان (بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد، وفاقی وزیر اور سینئر پاکستان چوہدری سالک حسین سے آذربائیجان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

کراچی، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سندھ اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

## مارچ، تجارتی خسارہ 56 فیصد بڑھ کر 2 ارب 17 کروڑ ڈالر ریکارڈ

## درآمدات میں تیز رفتار اضافہ رواں مالی سال کی آخری سہ ماہی میں توازن تجارت کو خراب کرے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کی اشیا کی برآمدات بڑھنے کی نمو مارچ میں سست ہو کر 7.99 فیصد ریکارڈ کی گئی، جس میں گزشتہ تین مہینے دہرے ہندسے کی شرح نمو دیکھی (بقیہ نمبر 27)

## بانی پی ٹی آئی جلد ہمارے درمیان ہوں گے، ملک احمد بھچر

## سڑکوں پر آنے کے علاوہ ہمارے پاس کوئی چارہ نہیں، اپوزیشن لیڈر پنجاب اسمبلی

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف ملک احمد خان بھچر نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی جلد ہمارے درمیان ہوں گے۔ پنجاب اسمبلی کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے (بقیہ نمبر 26)

## کے پی میں سینیٹ الیکشن تک چیئرمین، ڈپٹی چیئرمین کا انتخاب نہیں ہوسکتا، کنور دلشاد

اسلام آباد (این این آئی) سابق سیکرٹری الیکشن کمیشن کنور محمد دلشاد نے کہا ہے کہ تین صوبوں میں الیکٹورل کالج تو مکمل (بقیہ نمبر 25)

## کیلیفورنیا، خالصتان کے قیام کیلئے ریفرنڈم، ووٹنگ کا دوسرا مرحلہ مکمل

کیلی فورنیا (این این آئی) امریکی ریاست کیلیفورنیا میں خالصتان کے قیام کیلئے ریفرنڈم کیلئے ووٹنگ کا دوسرا مرحلہ مکمل (بقیہ نمبر 24)

## جب سارے الیکشن ہو جائینگے تو شاید الیکشن کمیشن کو ہم پر رحم آجائے، عامر ڈوگر

## الیکشن کمیشن میں ہماری فائل جمع، اس پر ابھی تک فیصلہ نہیں ہوا، پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سنی اتحاد کونسل کے رہنما عامر ڈوگر نے کہا ہے کہ جب سارے الیکشن ہو جائیں گے تو شاید الیکشن کمیشن کو ہم پر رحم آ جائے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر (بقیہ نمبر 23)

## نویں جماعت کے سالانہ امتحانات میں نقل، سپرنٹنڈنٹ معطل

## کمشنر لاہور کے اچانک دورے میں سینٹر پر پرائیویٹ نگران پائے گئے تھے

لاہور (این این آئی) لاہور میں نویں جماعت کے سالانہ امتحانات میں نقل کرنے پر کارروائیاں کرتے ہوئے نجی اسکول شادمان میں قائم امتحانی مرکز کے سپرنٹنڈنٹ کو معطل (بقیہ نمبر 22)

# سویڈن میں قرآن کی بے حرمتی کرنے والا ملعون مردہ حالت میں پایا گیا

## سلوان مومیکا کی لاش ناروے میں ان کے گھر سے ملی ہے تاہم موت کی وجہ کا تعین نہیں کیا جاسکا، ریڈیو جنیوا کے اکاؤنٹ سے کی گئی ٹوئٹ میں دعویٰ

## سلوان مومیکا عراق سے فرار ہو کر 2018 میں سویڈن پہنچا تھا اور اسے 2021 میں سویڈن کا رہائشی اجازت نامہ دیا گیا تھا

اوسلو (مانیٹرنگ ڈیسک) سویڈن میں قرآن پاک کو جلانے کی ناپاک جسارت کرنے والا اعراقی نژاد سلوان مومیکا ناروے میں اپنے گھر میں مردہ حالت میں پایا گیا۔ سوشل میڈیا پر ریڈیو جنیوا کے اکاؤنٹ سے کی گئی ٹوئٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ 37 سالہ سلوان مومیکا کی لاش ناروے میں ان کے گھر سے ملی ہے تاہم موت کی وجہ کا تعین نہیں کیا جاسکا۔ ریڈیو جنیوا کی ٹوئٹ کے مطابق جن لوگوں نے سلوان مومیکا کی موت تصدیق جن ٹوئٹر اکاؤنٹس سے کی گئی (بقیہ نمبر 33)

## پرویز الٰہی کو ضمنی الیکشن لڑنے کی اجازت دینے کا فیصلہ چیلنج

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی صدر و سابق وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 32)

## کے پی حکومت کی ہٹ دھرمی کے باعث سینیٹ الیکشن نہیں ہوا: اپوزیشن لیڈر

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عباداللہ نے کہا ہے کہ کے پی حکومت کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے یہاں (بقیہ نمبر 31)

## غلام مرتضیٰ جتوئی سمیت فیملی کو گرفتار کرنے سے روک دیا گیا

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے پولیس کو سابق وفاقی وزیر غلام مرتضیٰ جتوئی سمیت فیملی کو گرفتار کرنے سے روک دیا۔ (بقیہ نمبر 29)

## مخصوص نشستوں پر حلف نہ لینے کے معاملے پر توہین عدالت کی درخواست دائر

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی کی مخصوص نشستوں پر ارکان سے حلف نہ لینے کے معاملے پر منتخب ارکان نے پشاور ہائی کورٹ میں توہین عدالت کی درخواست دائر کر دی۔ (بقیہ نمبر 28)

## 6 ججوں کے خط پر سپریم جوڈیشل کونسل میں ہی سماعت ہونا چاہیے، لیاقت بلوچ

## چیف جسٹس آف پاکستان سپریم جوڈیشل کونسل کے راستہ کو ہی ترجیح دیں، قائمقام امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) قائم مقام امیر جماعتِ اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے سابق چیف جسٹس تصدق جیلانی کا انکوائری کمیشن کی سربراہی سے انکار کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم اور چیف جسٹس کی مشاورت کے بعد کابینہ کا انکوائری کمیشن کا فیصلہ کسی صورت میں (بقیہ نمبر 34)

چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## الیکشن کمیشن کو کے پی میں سینیٹ انتخاب ملتوی نہیں کرنا چاہیے، بیرسٹر گوہر

## خیبر پختونخوا میں اپوزیشن کی 17 سیٹیں ہیں اور وہ 30 سیٹیں اور مانگ رہی ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن کو کے پی میں سینیٹ الیکشن ملتوی نہیں کرنا چاہیے۔ پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم آزاد امیدوار نہیں ہیں، سنی اتحاد کونسل میں باقاعدہ شامل ہیں (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد، وزیر دفاع خواجہ آصف سے کزخستان کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

# مخصوص نشستوں پر کسی کو ناجائز طور پر حلف لینے نہیں دیں گے، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا

## ہم سے ہمارا انتخابی نشان بھی چھین لیا گیا، واضح کرتا ہوں کہ ہم لڑیں گے، مقابلہ کریں گے اور آخری حد تک جائیں گے، سمجھوتہ نہیں کریں گے

## ہم نے پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلی توڑی تھی، آئین میں واضح لکھا ہے کہ 90 دن میں الیکشن کروانا ہے لیکن نہیں کروائے گئے، علی امین گنڈاپور

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ ہم اپنی مخصوص نشستوں پر کسی اور کو ناجائز طور پر حلف لینے نہیں دیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی امین گنڈاپور نے کہا کہ آئین کا تحفظ پاکستان کے ہر شہری پر فرض ہے، اس ملک میں بار بار آئین کو توڑا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے پنجاب اور خیبر پختونخوا اسمبلی توڑی تھی، آئین میں واضح لکھا ہے کہ 90 دن میں الیکشن کروانا ہے لیکن نہیں کروائے گئے، اس کے بعد سے (بقیہ نمبر 21)

کراچی، ایل پی جی ڈسٹری بیوٹر ایسوسی ایشن کے چیئرمین عرفان کھوکھر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی

# سینیٹ الیکشن اور موجودہ سیاسی صورتحال

سینیٹ میں منگل کو ہونے والے انتخابات کے بعد ممکنہ طور پر حکمران اتحاد ، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) ایوان بالا میں دو تہائی اکثریت کے قریب پہنچ جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق قائد حزب اختلاف کی جماعت پاکستان تحریک انصاف کا سینیٹ میں سب سے بڑی جماعت برقرار رہنے کا امکان ہے، یہ صورتحال (آج) منگل 30 نشستوں پر انتخابات کے بعد سامنے آئیگی تاہم وہ حکومت کی جانب سے قانون سازی کے عمل کو متاثر کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہوگی۔ ایون بالا 96 ارکان پر مشتمل ہوگا جن میں سے 23 اراکین چار صوبوں اور 4 اسلام آباد سے ہوں گے، ایک صوبے کے لیے مختص کردہ 23 نشستوں میں 14 جنرل نشستیں، 4 خواتین کے لیے، 4 ٹیکنو کریٹس اور ایک اقلیتی رکن کے لیے مختص ہیں۔ سینٹر کی مدت 6 سال ہوتی ہے لیکن کل تعداد کا 50 فیصد ہر تین سال بعد ریٹائر ہو جاتا ہے، جس کے بعد نئے سینیٹرز کے لیے انتخابات ہوتے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق محتاط حساب وکتاب کی بنیاد پر ایسا لگتا ہے کہ حکمران اتحاد کو اپنی پوزیشن مستحکم کرنے کے لیے 96 رکنی سینیٹ میں 64 سینیٹرز کی ضرورت ہے۔ ابتدائی طور پر 48 سینٹر کے انتخاب کیلئے پولنگ ہونا تھی، جس میں سے خیبر پختونخوا اور بلوچستان سے 11، 11 جبکہ پنجاب اور سندھ سے 12، 12 اور اسلام آباد سے 2 سینیٹرز کا انتخاب شامل ہے تاہم پنجاب اور بلوچستان سے 18 سینیٹرز بلا مقابلہ منتخب ہونے کے بعد الیکشن کمیشن آف پاکستان 30 نشستوں پر انتخابات کا انعقاد کریگا جس کے لیے 59 امیدوار میدان میں ہیں۔ اعداد وشمار سے پتا چلتا ہے کہ پی ٹی آئی اس وقت 20 سینیٹر ہیں جس میں حالیہ بلا مقابلہ منتخب ہونے والے بھی شامل ہیں، جبکہ پی ٹی آئی مضبوط گڑھ خیبر پختونخوا سے مزید 7 نشستوں پر کامیابی حاصل کرنے کی پوزیشن میں ہے لہٰذا یہ جماعت 27 سینیٹرز کے ساتھ ایوان بالا میں سب سے بڑی جماعت ہوگی۔ اگر تمام اراکین قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی جماعت کی پالیسی کے مطابق ڈالتے ہیں، تو پیپلز پارٹی سندھ سے 10 سے 11 اور بلوچستان، اسلام آباد سے ایک ایک نشست پر کامیابی حاصل کرلے گی۔ اس وقت پیپلز پارٹی کے 13 سینیٹرز ہیں، مزید 12 سے 13 نشستیں جیتنے کے بعد پیپلز پارٹی 25 تا 26 سینیٹرز کے ساتھ ایوان بالا میں دوسری بڑی جماعت کے طور پر سامنے آئے گی۔ مسلم لیگ (ن) کے 13 سینیٹرز ہیں،

## اطلاع عام خاص

عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پراپرٹی نمبر 23_9s_1v_n خسرہ نمبر 413_3516 مکان نمبر 23 گلی نمبر 9 کوچہ رائیاں عثمان گنج لاہور محمد لطیف اسماعیل کے نام سے محمد ارشد محمد اصغر پسران عبدالمجید کے ناموں پر ٹرانسفر ہونا مقصود ہے اگر کسی کو کوئی بھی اعتراض ہو تو اندر 14 یوم ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن افیسر زون iii علی کمپلیکس 13 ایمپریس روڈ لاہور سے رابطہ کریں

## عاق نامہ

۔میں نے اپنی دختر حقیقی ہما احسان زوجہ راحیل نسیم قوم ارائیں سکنہ آبادی پونہ مربع 82/6R تحصیل وضلع ساہیوال کو بوجہ نافرمانی گستاخی بدتمیزی کی بنا پر اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے کرتا ہوں آئندہ اس کے کسی بھی قول وفعل لین دین کا میں ذمہ دار نہ ہوگا سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں المشتہر احسان الحق ولد محمد اسلم قوم آرائیں سکنہ 82/6R تحصیل وضلع ساہیوال

## بعدالت جناب میڈم اقرا رحمان صاحبہ سول جج پتوکی ضلع قصور

۔دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ منگل مسیح بذریعہ احسان مسیح بنام لیسکو واپڈا بذریعہ چیرمین واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام لیسکو واپڈا بذریعہ چیرمین واپڈا لاہور۔ XEN واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ SDO واپڈا سب ڈویژن پتوکی رورل۔ RO واپڈا لیسکو ڈویژن پھول نگر۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 04-04-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔
آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

## بعدالت جناب میڈم نزہت جبیں صاحبہ سول جج پتوکی ضلع قصور

۔دعوی استقرار حق وغیرہ عنوان مقدمہ محمد آصف بنام چیرمین واپڈا وغیرہ اخبار اشتہار بنام چیرمین واپڈا لاہور۔ XEN واپڈا ڈویژن پھول نگر۔ ایس ڈی او واپڈا سب ڈویژن پتوکی رورل۔ RO واپڈا پھول نگر۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کو متعدد بار طلب کیا گیا مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ 03-04-2024 بوقت 8 بجے صبح اصالتا یا وکالتا حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی وجواب دہی کرے بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔
آج بدست ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

## گمشدگی قرارنامہ

ہرخاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میں مسمی محمد ریاض ولد مکھن گجر ساکن مکان نمبر 5 جیون ہانہ نیو گارڈن ٹاؤن لاہور کا رہائشی ہوں اور میں نے سال 2013 میں ایک قطعہ مکان نمبر 60 14 گلی نمبر 18 بلاک سی مکہ کالونی گلبرگ iiii لاہور رقبہ تعدادی 4 مرلہ مسمی ماجد علی ولد امیر حسین خرید کیا تھا مگر اصل اقرار نامہ معاہدہ بیعہ وصولی کلیم زرثمن کہیں گم ہوگیا ہے لہذا جس کسی کو ملے مہربانی درج ذیل پتہ پر اطلاع کردے اگر کسی نے اقرار نامہ کا غلط استعمال کیا تو اس کے خلاف قانونی کاروائی ہوگی اور مکان مذکورہ اب میں نے محمد یوسف لودی ولد بابو خان کو فروخت کر دیا ہے جس پر کوئی عذر اعتراض نہ ہے

## بعدالت جناب میاں محمد اسلم تحصیلدار صاحب ڈسکہ

درخواست تقسیم اراضی زیر دفعہ 135 شوکت محمود بنام فقیر اللہ ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی آسان طریقہ سے تعمیل نہ ہوسکتی ہے لہذا ذریعہ اخبار اشتہار ہزا مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ 04/04/2024 کو بوقت 9 بجے صبح عدالت میں اصالتا یا وکالتا حاضر ہو کر اپنا عزر یا اعتراض پیش کر ے بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی جاری شدہ

## بعدالت جناب طلعت وحید صاحب سول جج شکر گڑھ

محمد اسامہ بنام عوام الناس دعوی درخواست سرٹیفکیٹ جانشین محمد اسامہ ولد محمد ایوب زات انصاری ساکن ٹھروہ انصاریاں تحصیل شکر گڑھ ضلع نارووال آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ 8.4.24 کو اصالتا یا وکالتا حاضر ہوں ورنہ یک طرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قبول نہ کیا جائے گا

## بعدالت جناب سید کاظم حسین شاہ صاحب تحصیلدار پاکپتن

اشتہار وراثتی انتقال: ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شیخ ستار ولد کریم بخش ساکن ٹبی جوند سنگھ عظمت پاکپتن حال متوفی ہے۔ متوفی کے والدین پہلے فوت شدہ ہیں۔ صفیہ بی بی بیوی پہلے فوت شدہ ہے۔ بقیہ وارثان میں محمد مراد، محمد خاں، محمد اسماعیل، کرم نشاں پسران ودختر زندہ حیات ہیں۔ اسما بی بی دختر زندہ ہے۔ ریاض بی بی دختر پہلے فوت شدہ ہے۔ ریاض بی بی کے واثران میں محمد اقبال خاوند زندہ حیات ہے۔ ان کے علاوہ کوئی وارث نہ ہے۔ متوفی کی جائیداد کا وراثتی انتقال درج وتصدیق کروانا مطلوب ہے۔ کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو اندر سات یوم زیر دستخطی سے رابطہ کرسکتا ہے۔

## بعدالت جناب عدنان احمد گوندل صاحب سول جج اوکاڑہ

دعوی: استقرار حق معہ حکم امتناہی دوامی
عنوان: ساجد علی بنام سرفراز علی وغیرہ
اشتہار بنام: سرفراز علم ولد محمد اکبر قوم راجپوت سکنہ پیپلز کالونی تحصیل وضلع اوکاڑہ۔ علی حمید رانا ولد عبدالحمید قوم راجپوت سکنہ گلی نمبر 5 پیپلز کالونی تحصیل وضلع اوکاڑہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 05.04.24 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

## بعدالت جناب عدنان احمد گوندل صاحب سول جج اوکاڑہ

دعوی: استقرار حق معہ حکم امتناہی دوامی وتا کیدی
عنوان: شاہد اقبال بنام صوبہ پنجاب وغیرہ
اشتہار بنام: صوبہ پنجاب بذریعہ ڈسٹرکٹ کلیکٹر ضلع اوکاڑہ۔ انور بی بی بیوہ ظہور احمد قوم جٹ جوئیہ سکنہ موضع اکبر ضلع اوکاڑہ۔ محمد شہباز ولد محمد سعی قوم جٹ جوئیہ سکنہ چک نمبر 53/3R تحصیل وضلع اوکاڑہ ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 04.04.24 کو بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کاروائی یک طرفہ عمل میں آے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے ومہر عدالت جاری ہوا۔

## پاکستان کی تعمیروترقی اور خوشحالی کے لئے نوجوان نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنا ہوگا، محمد عاشق انجم

ننکانہ صاحب (غلام سرور) پاکستان کی تعمیروترقی اور خوشحالی کے لئے نوجوان نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنا ہوگا محمد عاشق انجم تفصیلات کے مطابق پاکستان کی تعمیروترقی اور خوشحالی کے لئے نوجوان نسل کو جدید تعلیم سے آراستہ کرنا ہوگا۔ تعلیم کے بغیر کوئی معاشرہ بھی ترقی نہیں کرسکتا ان خیالات کا اظہار پرنسپل محمد عاشق انجم نے گورنمنٹ ہائی سکول کالج روڈ شاہ کوٹ میں سالانہ رزلٹ وتقسیم انعامات کی پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ آج کے بچے ہمارے کل کا مستقبل ھیں جن کی تعلیم و تربیت ھمط سب کی ذمہ داری ہیا انہوں نے طلبہ کو پتنگ بازی جیسے خونی کھیل سے دور رہنے کی بھی ہدایت کی سکول کے سالانہ نتائج کا اعلان کنٹرولر امتحانات افتخار حسین شاہ نے کیا انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ سرکاری تعلیمی اداروں میں پرائیویٹ اداروں کی نسبت زیادہ قابل 'اعلی تعلیم یافتہ اور ٹرینڈ سٹاف تدریسی خدمات سرانجام دیتا ہے۔ والدین کو چاہیے کہ پرائیویٹ سکولوں میں بھاری بھر کم فیسیں ادا کرنے کی بجائے اپنے بچوں کو سرکاری تعلیمی اداروں میں داخل کروائیں تقریب میں والدین 'سکول کونسل کے ارکان 'معززین علاقہ اور اساتذہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ سربراہ ادارہ مہمانان گرامی والدین اور اساتذہ نے پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں انعامات تقسیم کئے ادارہ کی طرف سے اعلی کارکردگی پر اساتذہ کو بھی تعریفی اسناد دی گئیں ۔تقریب سے احسان علی 'حافظ عمران محمد فاروق 'نوید احمد 'وقاص سرور 'حاجی محمد ریاض 'شیخ حامد زیشان اور خالد جاوید نے بھی خطاب کیا۔۔ جبکہ راحت مصطفیٰ 'محمد ساجد 'محمد احسان 'دلاور حسین 'اشرف بھٹی 'اشفاق بھٹی ؛ محمد آصف 'بلال اختر 'عرفان شہزاد 'احسن اقبال 'اورنگزیب 'آمنہ ناز 'عائشہ صدیقہ 'مہناز اختر 'روحینہ رسول 'زنیرہ اصغر 'سحرش لطیف 'اور رفعت تنظیم نے شرکت کی۔ والدین اور معزز مہمانوں نے شاندار سوفیصد نتائج پر سربراہ ادارہ اور اساتذہ کو مبارکباد دی ۔آخر پر طلبہ کے روشن مستقبل اور مزید کامیابیوں کے دعا کروائی گئی۔۔

## ستھرا پنجاب وژن کے تحت ایل ڈبلیو ایم سی کا لاہور اور اس کے مضافاتی علاقوں میں صفائی آپریشن تیزی سے جاری ہے،

لاہور (سٹاف رپورٹر سے) ستھرا پنجاب وژن کے تحت ایل ڈبلیو ایم سی کا لاہور اور اس کے مضافاتی علاقوں میں صفائی آپریشن تیزی سے جاری ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران ایل ڈبلیو ایم سی کی صفائی ٹیموں نے نشتر ٹاؤن کے مختلف ایریاز سے ہیوی مشینری کی مدد سے اوپن پلاٹس اور کوڑے کے ڈھیر کلیئر کیے۔ سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی کی ہدایت پر نشتر ٹاؤن کے 13 اوپن پلاٹس اور کوٹ لکھپت سمیت مختلف علاقوں سے 25 کوڑے کے پوائنٹس کلیئر کر دیئے گئے ہیں جبکہ شہر بھر میں 400 سے زائد اوپن پلاٹس، 2000 سے زائد کوڑے کے پوائنٹس بھی کلیئر کیے جا چکے ہیں۔ ترجمان ایل ڈبلیو ایم سی عمر چوہدری کے مطابق لاہور کے نواحی علاقوں میں خصوصی صفائی آپریشن کیا جا رہا ہے۔ پاڈوکی، سوئے آصل، کوٹ لکھپت، نشتر ٹاؤن میں لوڈر ڈمپر ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں جبکہ کماہاں، اٹاری ثروبہ، یوحنا آباد، گجومتہ، کاہنہ کے گرد اوپن پلاٹس کی کلیئرنس کا عمل بھی جاری ہے۔ سی ای او بابر صاحب دین کا کہنا ہے کہ شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دیہی یونین کونسلز کو زیرو ویسٹ کرنے کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی آپریشن ٹیمیں تینوں شفٹوں میں فیلڈ میں متحرک ہیں۔ لاہوریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا ہی اولین ترجیح ہے۔ شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ ایل ڈبلیو ایم سی ٹیموں کا ساتھ دیں، کوڑا خالی جگہوں اور اوپن پلاٹس میں ہرگز مت پھینکیں۔ صفائی سے متعلق شکایات کے فوری ازالے کے لیے ایل ڈبلیو ایم سی کی ہیلپ لائن 1139 پر رابطہ کریں یا سوشل میڈیا کا استعمال کریں۔

## ڈی پی او زاہد نواز مروت کی عام شہریوں کی رسائی کیلئے روازنہ کی بنیاد پر کھلی کچہری لگائی جاتی ہے

شیخوپورہ (بیورو چیف شاہزیب سے) ڈی پی او زاہد نواز مروت کی عام شہریوں کی رسائی کیلئے روازنہ کی بنیاد پر کھلی کچہری لگائی جاتی ہے ڈی پی او صاحب نے لوگوں کے مسائل سنتے ہوئے محکمانہ آرڈر کیے کہ ان لوگوں کے مسائل فوری حل کئے جائیں ڈی پی او زاہد نواز مروت نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ لوگوں کے مسائل کو حل کرنا ہماری زمہ داری ہے اور انشااللہ ہم ہر طرح سے اپنی زمہ داری نبھائیں گے

## ننکانہ صاحب میں بھی یوم شہادت حضرت علی علیہ السلام انتہائی مذہبی عقیدت واحترام سے منایا گیا

ننکانہ صاحب (حکیم ریاض احمد) ننکانہ صاحب میں بھی یوم شہادت حضرت علی علیہ السلام انتہائی مذہبی عقیدت و احترام سے منایا گیا تابوت حضرت علی علیہ السلام ڈاکٹر قمر حسین کے گھر سے برآمد ہوا اور امام بارگاہ قصر فاطمۃ الزہرہ سلام اللہ علیہا میں پہنچ کر اختتام پذیر ہوا۔ تفصیلات کے مطابق یوم شہادت حضرت علی علیہ السلام کے سلسلہ میں ڈاکٹر بشیر احمد) مرحوم (ڈاکٹر قمر حسین کے گھر مجلس عزا منعقد ہوئی جس میں عزاداران حسین علیہ السلام کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور سید حبیب شاہ زمان موتیاں والی سرکار آف جھامرہ شریف نے خصوصی شرکت کی مجلس عزا میں ذاکر ظہیر عباس، ملک نیاز مہدی اور یاسر رضا جھنڈوی نے حضرت علی علیہ السلام کے فضائل ومصائب بیان کیے انہوں نے کہا مولا علی السلام کو عبدالرحمن ابن ملجم نے 19 رمضان کی صبح مسجد میں حالت نماز میں سر پر تلوار سے وار کر کے زخمی کیا تھا اور 21 رمضان کو مولا علی السلام کی شہادت ہوئی اختتام مجلس پر شبیہہ تابوت حضرت علی علیہ السلام برآمد ہوا اور عزاداران حسین علیہ السلام نے زنجیر زنی اور سرقمہ زنی کا ماتم کیا اور ملک کے نامور نوحہ خواں حسن صادق، وسیم عباس، شفقت حسین نے نوحے پڑھے اور عزاداران حسین علیہ نے ماتم کیا امام بارگاہ قصر فاطمۃ الزہرہ سلام اللہ علیہا میں پہنچ کر اختتام پذیر ہوا جلوس کی سکیورٹی کیلئے ڈی پی او ننکانہ صاحد عزیز نے فول پروف انتظامات کیے تھے۔

## محکمہ سپیشل ایجوکیشن سینٹر قصور کے زیراہتمام اعصابی بیماری آٹزم سے آگاہی کے عالمی دن کے موقع پر واک اور سیمینار کا انعقاد

قصور (بیورو چیف شفاقت علی چوہدری) پنجاب حکومت کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں محکمہ سپیشل ایجو کیشن سینٹر قصور کے زیر اہتمام اعصابی بیماری آٹزم سے آگاہی کے عالمی دن کے موقع پر واک اور سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ سپیشل ایجو کیشن سینٹر قصور مشتاق اقبال چوہان، سپیچ تھراپسٹ شازیہ، سکالوجسٹ مبشرہ یاسمین، جونیئر سپیشل ایجوکیشن ٹیچر زمحمد ناصر، تبسم ناز، ریحانہ اکرم، نیلم رشید، سدرہ عباس، حیدر علی، محمد اعظم، عبدالرزاق دیگر اساتذہ و سٹاف، سپیشل طلبا و طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ہیڈ ماسٹر مشتاق چوہان کا کہنا تھا کہ اس دن کو منانے کا مقصد ہر سطح پر شہریوں کو بچوں کی ذہنی نشوونما کے بارے میں آگاہی فراہم کرنا ہے۔ آٹزم ایک ایسا ذہنی عارضہ ہے جس میں کسی شخص کو گفتگو، میل جول، سمجھ اور حواس کو قابو میں رکھنے میں مشکلات پیش آتی ہے۔ آٹزم میں مبتلا ہونے کا مطلب یہ نہیں کہ آپ کو کوئی مرض یا بیماری ہے اس کا مطلب ہے کہ آپ کا دماغ دوسرے لوگوں سے مختلف انداز میں کام کرتا ہے۔ آٹزم کا شکار ہر بچہ دوسرے سے مختلف ہوتا ہے اور اس کی علامات بھی دوسرے بچے سے مختلف ہوتی ہیں۔ بروقت توجہ اور تربیت کی مدد سے انہیں معاشرے کا کارآمد فرد بنایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آٹزم میں مبتلا بچے خیالی دنیا میں رہتے ہیں بول چال میں دقت محسوس کرتے ہیں اور اپنے خیالات کو بیان نہیں کرسکتے۔ انہوں نے بتایا کہ ماہرین کا کہنا ہے کہ ایک صحت مند بچہ تین برس کی عمر کے بعد اپنے ماں باپ سمیت قریبی لوگوں سے سماجی بندھن باندھنے کا اہل ہوجاتا ہے لیکن آٹزم میں مبتلا بچہ ایسا کرنے میں ناکام رہتا ہے۔ آٹزم سے متاثرہ بچوں پر اساتذہ، والدین اور رشتہ دار مخصوص توجہ دیکر اسے سماجی زندگی کے دائرے کے اندر لانے میں اپنا کردار نبھا سکتے ہیں۔

## انجینئر رانا اعجاز احمد کی زیرصدارت ضلعی ہیڈکوارٹر میں ریسکیو 1122 شیخوپورہ کا جائزہ اجلاس

فاروق آباد (رانا محمد ادریس سے) انجینئر رانا اعجاز احمد کی زیرصدارت ضلعی ہیڈکوارٹر میں ریسکیو 1122 شیخوپورہ کا جائزہ اجلاس۔ ماہانہ کارکردگی رپورٹ جاری ریسکیو 1122 شیخوپورہ کے نوجوان ماہ مقدس رمضان المبارک خصوصا سحر وافطار کے اوقات میں خدمت انسانیت میں ہمیشہ کی طرح رضائے الہی کے حصول کے لیے پیش پیش ہیں۔ انجینئر رانا اعجاز احمد پنجاب ایمرجنسی سروس ڈیپارٹمنٹ ریسکیو 1122 شیخوپورہ کی کارکردگی مارچ 2024 میں بھی مثالی رہی۔ ریسکیو 1122 شیخوپورہ کو 1 مارچ 2024 سے 31 مارچ 2024 تک مجموعی طور پر 20911 فون کالز موصول ہوئیں جن میں سے 5379 ایمرجنسی کالز تھیں۔ ان میں 1456 روڈ ٹریفک ایکسیڈنٹس 3188، میڈیکل ایمرجنسیز، 59 آگ لگنے کے واقعات، 156 کرائم کیس، 2 عمارتیں منہدم ہونے کے واقعات اور 517 متفرق ایمرجنسیز تھیں۔ ان تمام ایمرجنسیز میں 7.89 منٹ اوسطا ریسپانس ٹائم برقرار رہا۔ ریسکیو 1122 شیخوپورہ نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے مجموعی طور پر 5362 لوگوں کو ریسکیو کیا جن میں 1920 افراد کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی جبکہ 3284 افراد کو ابتدائی طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کیا اور 158 افراد ایسے بھی تھے جو موقع پر جاں بحق ہوئے . علاوہ ازیں پیشنٹ ٹرانسفر سروس کے تحت مریضوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے 490 افراد کو بڑے ہسپتالوں میں منتقل کیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر کا کہنا تھا کہ ریسکیورز ماہ رمضان المبارک میں خصوصا سحر وافطار میں مکمل تندہی سے خدمات سرانجام دے رہے ہیں ۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر انجینئر رانا اعجاز احمد کا کہنا تھا کہ موسم گرما کا آغاز ہوتے ہی آگ لگنے کے واقعات میں اضافہ دیکھنے میں آتا ہے لہذا تمام افراد سے گزارش ہے معیاری برقی آلات کے استعمال اور حفاظتی انتظامات کو یقینی بنائیں۔ اس مقصد کے حصول کے لیے اپنی قریبی ریسکیو دفاتر سے تربیت حاصل کریں۔

## گوجرانوالہ، گجرات، منڈی بہاؤالدین اور حافظ آباد کی 26 لوکل باڈیز کی سینیٹیشن سروسز گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے حوالے کرنے اور ادارے کو مالی طور پر خودمختار بنانے کیلئے پیش کئے گئے

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر ) گوجرانوالہ، گجرات، منڈی بہاؤالدین اور حافظ آباد کی 26 لوکل باڈیز کی سینیٹیشن سروسز گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے حوالے کرنے اور ادارے کو مالی طور پر خود مختار بنانے کیلئے پیش کیئے گئے جامع پلان کی منظوری دے دی گئی، منظوری 103 ویں بورڈ آف ڈائریکٹرز اجلاس میں حکومتی احکامات پر دی گئی تفصیلات کے مطابق گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 103 واں اجلاس جی ڈبلیو ایم سی ہیڈکوارٹرز میں منعقد ہوا، اجلاس کی صدارت چیئرمین گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی چودھری کاشف اسماعیل نے کی اجلاس میں سی ای او جی ڈبلیو ایم سی شاہد عباس جوتہ، ممبران بورڈ آف ڈائریکٹرز) عمران شہزاد تارڑ، عاطف صابر خان( ، کمپنی سیکرٹری خرم شہزاد، چیف فنانشل آفیسر اظہر عباس چیمہ، سنیئر مینیجر آپریشنز عامر مشتاق، مینیجر کمیونیکیشن حافظ عبدالوحید، مینیجر ایم آئی ایس عبدالوحید، اے ایم لیگل محمد عامر سمیت دیگر شریک تھیا جلاس میں گوجرانوالہ، گجرات، حافظ آباد اور منڈی بہاالدین کی 26 لوکل باڈیز ہیں کی صفائی ستھرائی کی خدمات کی زمہ داری وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات پر گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے سپرد کرنے کے حوالے سے تجویز کی گئی ہے جسے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اتفاق رائے سے منظور کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع گوجرانوالہ کی) 09 ضلع کونسل کارپوریشن، ایم سی کامونکی، ایم سی وزیر آباد، ایم سی گکھڑ، ایم سی علی پور چٹھہ، نوشہرہ ورکاں، لدھیوالہ وڑائچ، قلعہ دیدار سنگھ (، حافظ آباد کی) 05 ڈسٹرکٹ کونسل، میونسپل کمیٹی حافظ آباد، پنڈی بھٹیاں، سکھیکی، جلال پور بھٹیاں (، گجرات کی )8 ضلع کونسل، میونسپل کمیٹی جلال پور جٹاں، کنجاہ، کھاریاں، ڈنگہ، لالہ موسی، سرائے عالمگیر (، منڈی بہاالدین کی) ڈسٹرکٹ کونسل، میونسپل کمیٹی، پھالیہ، ملکوال (کے علاقے شامل ہیں کی صفائی ستھرائی کی سروسز کا نظام گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے حوالے کرنے کی منظوری دے دی گئی اجلاس میں گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے اپنے ذرائع آمدنی پیدا کرنے کے حوالے سے پیش کیئے گئے پلان کی بھی منظوری دے دی گئی

## گوجرانوالہ ڈویژن میں مہنگے داموں اشیائے خورونوش فروحت کرنے والوں کے خلاف پرائس کنٹرول مجسٹریٹوں کی کاروائیاں جاری ہیں

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) ڈائریکٹر تعلقات عامہ گوجرانوالہ ڈویژن افتخار علی شاہ / گوجرانوالہ ڈویژن میں مہنگے داموں اشیائے خورونوش فروحت کرنے والوں کے خلاف پرائس کنٹرول مجسٹریٹوں کی کاروائیاں جاری ہیں اور گذشتہ ماہ کے دوران ڈویژن کے 207 پرائس کنٹرول مجسٹریٹوں نے پھلوں سبزیوں اور دیگر بنیادی اشیائے خورونوش من مانے نرخوں پر فروخت کرنے والے دکانداروں کو 2 کروڑ 32 لاکھ 91 ہزار سے زائد جرمانہ کیا ہے جبکہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹوں نے 151 ایف آئی آرز درج کرنے کے ساتھ 481 افراد کو موقع پر ہی گرفتار بھی کیا ہے۔ گوجرانوالہ میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹوں نے مجموعی طور پر 37 لاکھ 7 ہزار سیالکوٹ میں 49 لاکھ 2 ہزار نارووال میں 29 لاکھ 28 ہزار حافظ آباد میں 30 لاکھ 18 ہزار منڈی بہاالدین میں 36 لاکھ 32 ہزار گجرات میں 37 لاکھ 17 ہزار اور وزیرآباد میں گراں فروشی کے مرتکب دکانداروں کو 13 لاکھ 13 ہزار جرمانہ کیا گیا جبکہ گوجرانوالہ میں 15 ایف آئی آرز درج کرکے 178 گرفتاریاں سیالکوٹ میں 25 ایف آئی آرز اور 162 گرفتار نارووال میں 10 ایف آئی آرز اور 99 گرفتار حافظ آباد میں 4 ایف آئی آرز اور تین گرفتار منڈی بہاالدین میں 91 ایف آئی آرز اور 21 گرفتار گجرات میں 5۔ ایف آئی آرز اور 6 گرفتار جبکہ وزیرآباد میں ایک ایف آئی آر اور 2 افراد کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے۔ کمشنر گوجرانوالہ / گجرات ڈویژنز سید نوید حیدر شیرازی نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ تمام ممکنہ اقدامات کے ذریعے عام آدمی کو مہنگائی سے خاطر خواہ ریلیف کی فراہمی کیلئے یہ کاروائیاں جاری رہیں گی۔

## جہلم میں سرکاری سکولوں میں کتب نایاب طلبا پرانی اور بوسیدہ کتب لے کر تعلیم حاصل کرنے لگے، زرائع

(مرزا فاران بیگ) جہلم میں سرکاری سکولوں میں کتب نایاب طلبا پرانی اور بوسیدہ کتب لے کر تعلیم حاصل کرنے لگےتعلیم کے لیے بجٹ زیرو جبکہ زرائع کے مطابق وزیراعلی پنجاب کے لیے 03 ارب کا جرمن ہیلی کا پٹرخریدا جارہا ہے جبکہ سرکاری سکولوں میں نئی کتب موجود ہی نہیں حکومت پنجاب کی ناقص پالیسیوں کے تحت طلبا کا مستقبل تاریک حکومت پنجاب کے پاس سکولوں کو نئی کتب دینے کے لیے بجٹ ہی نہیں سرکاری سکولوں کے اساتذہ نے طلبا کو پرانی کتب سکولوں میں جمع کروانے کا حکم دیا ہے جو کہ نئی کلاسز کے طلبا کو دی جائیں گی جبکہ پرانی کتب پھٹی اور بوسیدہ ہوچکی ہیں تفصیلات کے مطابق حکومت پنجاب کی ناقص پالیسیوں کے تحت سرکاری سکولوں کے طلبا کا مستقبل تاریک ہوتا نظر آ رہا ہے نئی کلاسز کے لیے کتب نہیں دی جارہی ہیں اساتذہ کا کہنا ہے کہ ہمیں ابھی نئی کتب نہیں ملیں ہمیں یہ کہا گیا ہے کہ طلبا سے پرانی کتب منگوا کرنئی کلاسز کے طلبا کو دی جائیں والدین پریشان اس ہوشربا مہنگائی میں کتب اور کاپیاں لینا بھی ناممکن ہوگیا جبکہ دوسری طرف حکومت پنجاب نے نئی گاڑیوں کے ٹائرز تبدیل کرنے کے لیے دو کروڑ مانگ لیے اور زرائع کے مطابق وزیر اعلی پنجاب کے لیے 3 ارب کا جرمن ہیلی کاپٹر خریدا جارہا تعلیم کے لیے بجٹ زیرو اس موقع پر والدین کا کہنا ہے کہ پہلے ہی حکومت نے ہوشربا مہنگائی کر رکھی ہے بجلی اور گیس کے بل دینا بھی ناممکن ہوتا جارہا ہے اوپر سے اب بچوں کے لیے کتابیں بھی موجود نہیں حکومت پنجاب نے تعلیم کے لیے بجٹ زیرو کر دیا جبکہ اپنی عیاشیوں کے لیے کروڑوں روپے خرچ کیے جارہے ہیں ہم کہاں سے کتابیں خریدیں کیا حکومت کو پتہ نہیں تھا کہ نئے سال کے لیے کتابیں بھی بنوانی ہیں پنجاب حکومت کا نعرہ پڑھا لکھا پنجاب کہاں گیا کیا بچوں کا مستقبل تاریک کرنا چاہتے ہیں کیا پنجاب کے وزیر تعلیم اتنے ہی نااہل ہیں کہ ان کو کچھ پتہ نہیں کہ کیا کرنا ہے والدین نے وزیراعلی پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ بچوں کے مستقبل کو تاریک ہونے سے بچایا جائے اور گورنمنٹ سکولوں میں کتب فراہم کی جائیں

## نویں جماعت سالانہ امتحانات / ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی کے امتحانی مراکز کے اچانک دورے

قصور (ڈسٹرکٹ رپورٹر محمد انیس) نویں جماعت سالانہ امتحانات / ڈپٹی کمشنر قصور محمد ارشد بھٹی کے امتحانی مراکز کے اچانک دورے امتحانی سینٹر میں صفائی ستھرائی، سیکورٹی، دستیاب سہولیات اور پیپرز کے عمل کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد ارشد بھٹی نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول، بوائز ہائی سکول مصطفیٰ آباد اور ڈی پی ایس قصور میں قائم امتحانی سینٹرز کے اچانک دورے کر کے تمام انتظامات کو چیک کیا۔ انہوں نے بورڈ کی فہرستوں کے مطابق عملے کی حاضری امیدواروں کی رول نمبر سلپس اور امتحانی کاپیاں چیک کیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو شفاف امتحانات کے انعقاد کے لیے الرٹ رہ کر فرائض سرانجام دینے کی ہدایات کیں۔ اس موقع پر انکا کہنا تھا کہ ڈیوٹی سے غیر حاضر رہنے والے یا امتحانی ڈیوٹی سے انکار کرنیوالے عملے کیخلاف کاروائی ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ اسسٹنٹ کمشنرز اپنی اپنی تحصیلوں میں امتحانی مراکز میں انتظامات کو چیک کریں۔ ضلع بھر میں کل 31 امتحانی سینٹرز قائم کئے گئے ہیں جہاں پر سکیورٹی سمیت تمام انتظامات فل پروف کیے گئے ہیں۔ سوالیہ پیپرز کی ترسیل وتقسیم کے تمام مراحل کو شفاف بنایا گیا ہے تاکہ کسی کا حق متاثر نہ ہو سکے۔ علاوہ ازیں اسسٹنٹ کمشنر قصور رضوان الحق پوری،، اسسٹنٹ کمشنر چونی رانا امجد محمود نے بھی اپنی اپنی تحصیلوں کے امتحانی سینٹروں کا دورہ کر کے تمام انتظامات کو چیک کیا۔

## کسی بھی جماعت میں اس کے ورکر اور عہدیداران سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، چوہدری اسد الرحمٰن

کمالیہ (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما و سابق ایم این اے چوہدری اسد الرحمٰن نے کہا ہے کہ کسی بھی جماعت میں اس کے ورکر اور عہدیداران سب سے قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں انہوں نے ہی فیلڈ میں جا کر لوگوں سے زیادہ ملنا ہوتا ہے اور مسائل کی نشاندہی کرنی ہوتی ہے اور پھر یہی لوگ ہمیں ایسے مسائل کی نشاندہی کرتے ہیں جو اجتماعی ہوتے ہیں اور علاقہ کے مفاد میں ہوتے ہیں ان کی اہمیت سے کسی بھی طور انکار نہیں کیا جا سکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے سابق صدر انجمن آڑھتیاں سبزی منڈی کمالیہ چوہدری حنیف احمد گجر کی رہائش گاہ پر کارکنان سے گفتگو کے دوران کیا ان کا مزید کہنا تھا کہ وفاق اور پنجاب میں مسلم لیگ) ن( کی حکومت قائم ہو چکی ہے اس وقت ملک کو کئی مسائل کا سامنا ہے حکومت پوری کوشش کر رہی ہے کہ ملک کو بحرانوں سے نکالے تاکہ ملک ترقی کے راستے پر گامزن ہو سکے

## بعدالت جناب میاں محمد اسلم تحصیلدار صاحب ڈسکہ

درخواست تقسیم اراضی زیر دفعہ LR135 حکم امتناعی دوامی شوکت محمود بنام فقیر اللہ ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی آسان طریقہ سے تعمیل نہ ہوسکتی ہے لہذا ذریعہ اخبار اشتہار ہزا مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ 04/04/2024 کو بوقت 9 بجے صبح عدالت میں اصالتا یا وکالتا حاضر ہو کر اپنا عزر یا اعتراض پیش کرے بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی جاری شدہ

## بعدالت جناب تحصیلدار صاحب ڈسکہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شیرا ولد شاں جو کہ چک نمبر 629 گ ب تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ جس کے وارثان میں جوائی والدہ، شاں والد، بی بی زوجہ، نیاز بی بی دختر (پہلے فوت شد)۔ محمد علی پسر، زینب بی بی، ارشاد بی بی دختران، شاہد اقبال، ظفر اقبال نواسے، زرینہ بی بی نواسی (زندہ) حیات وارث تصدیق ہوئے اگر کسی کو کوئی عذر ہو تو وہ بعد از اشاعت 7 یوم کے اندر اندر دفتر ہذا سے رجوع کریں بعد میں کوئی عذر قبول نہ ہوگا۔

---

## بعدالت جناب تحصیلدار میاں محمد اسلم صاحب ڈسکہ

1۔ رئیسہ بی بی 2۔ رئیساں بی بی 3۔ اختری بیگم دختران قطب الدین قوم گوجر راول ساکنان صابوسرائے تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

(سائلان)

بنام 1۔ عبدالرحمان ولد ظہور حسن، 2۔ محمد یاسین ولد قمر دین ذات گوجر راول، 3۔ محمد سجاد ولد محمد اقبال قوم گجر، 4۔ محمد حنیف ولد محمد اصغر قوم گوجر راول، 5۔ نور محمد ولد نصیب دین قوم گوجر راول، 6۔ محمد بابر ولد قمر دین، 7۔ محمد افضال ولد ظہور حسن 8۔ علی احمد ولد علی شیر 9۔ محمد صدیق ولد الٰہی بخش 10۔ محمد اکبر ولد قمر دین قوم گوجر راول، 11۔ کرامت علی ولد غلام علی قوم پٹھان، 12۔ روبینہ کوثر زوجہ محمد امجد قوم منہاس، 13۔ عبداللہ ولد ظہور حسن قوم گوجر راول، 14۔ محمد اقبال ولد محمد شفیع قوم گوجر راول 15۔ سروری زوجہ مطلوب خاں قوم گوجر، 16۔ علی شیر ولد موجدین قوم گوجر راول 17۔ امانت خاں ولد غلام رسول قوم پٹھان 18۔ ریاض خاں ولد غلام رسول قوم پٹھان کاکڑ، 19۔ محمد اشرف ولد علی نواز قوم گوجر، 20۔ عثمان احمد ولد ظہور حسن قوم گوجر راول، 21۔ نجمہ نوید زوجہ نوید الرحمان قوم جنجوعہ، 22۔ الیاس علی پٹھان کاکڑ، 23۔ واسد علی ولد لیاقت علی قوم جٹ چیمہ 24۔ محمد افضل ولد محمد اکرم قوم گوجر راول 25۔ نذیر احمد ولد محمد اکرم قوم گوجر راول 26۔ محمد نوید ولد محمد اکرم قوم گوجر راول 27۔ محمد تنویر ولد محمد اکرم قوم گوجر راول 28۔ محمد سجاد ولد محمد اقبال، عبدالرزاق ولد غلام رسول، محمد شفیع، محمد اسلم، محمد سردار ولد محمد شفیع، محمد اقبال ولد محمد شفیع، لیاقت علی، شوکت علی ولد قطب الدین، محمد اسلم، ارشد، لیاقت محمد امجد، محمد عظمت نجمہ بی بی فرزانہ خالدہ بی بی مریم دختر محمد حنیف قوم گوجر لبنیٰ دختر محمد حنیف، شیر علی، شوکت علی ولد محمد شیر علی قوم گوجر راول رشیداں زوجہ محمد شفیع قوم گوجر ساکنان گلوٹیاں خورد تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقرر 04-04-2024 کو اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا عذر پیش کرے ورنہ یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

---

## بعدالت جناب شہباز گلزار صاحب سول جج درجہ اول فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

دعویٰ منسوخی اقرار نامہ معاہدہ بیع وغیرہ

بعنوان محمد گلفام بنام پاک سٹی (PVT) لمیٹڈ بذریعہ ڈائریکٹر ندیم وغیرہ اخبار اشتہار بنام پاک سٹی (PVT) لمیٹڈ بذریعہ ڈائریکٹر ندیم سرور ولد محمد سرور ساکن جھگیاں جھانہ چاہ میراں لاہور، مہندی ولد شیر محمد ساکن بلکے گاؤں تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ، ہرگاہ دعویٰ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 17-04-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔

(مہر عدالت) (دستخط حاکم)

روزنامہ مسافت

---

## بعدالت جناب فیض اللہ جسراء صاحب سول جج و گارڈین جج فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

درخواست برائے فرد تشخیص گاڑی نمبری LEA-18/2292، LEC-15/1392

بعنوان طیب ارشاد بنام عوام الناس، اخبار اشتہار بنام عوام الناس

طیب ارشاد ولد ارشاد احمد قوم راجپوت ساکن پنڈوری تحصیل مریدکے ضلع شیخوپورہ، ہرگاہ درخواست عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 06-04-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔

(مہر عدالت) (دستخط حاکم)

روزنامہ مسافت

---

## بعدالت جناب سیدہ نبیلہ جعفری صاحبہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

سول اپیل

بعنوان محمد رمضان بنام ہمایوں وغیرہ، اخبار اشتہار بنام

محمد امین ولد فضل دین قوم آرائیں ساکن مزنگ چوک سعدی پارک تحصیل وضلع لاہور، ہرگاہ اپیل عنوان بالا میں ریسپانڈنٹ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ریسپانڈنٹ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 24-04-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔

(مہر عدالت) (دستخط حاکم)

روزنامہ مسافت

---

## بعدالت جناب فیض اللہ جسراء صاحب سول جج و گارڈین جج فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

درخواست برائے مقرر کیے جانے گارڈین زیر دفعہ 7

بعنوان رضیہ بنام عوام الناس وغیرہ، اخبار اشتہار بنام عظمت سلطان ولد مختار احمد ساکن ڈھوک حاجی شیر زمان پکے تحصیل کہوٹہ ضلع راولپنڈی، ہرگاہ درخواست عنوان بالا میں مسئول علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مسئول علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 03-04-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔

(مہر عدالت) (دستخط حاکم)

روزنامہ مسافت

---

## بعدالت جناب اخلاق احمد صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

سول اپیل

بعنوان صدیقاں بی بی بنام افضال احمد وغیرہ اخبار اشتہار بنام افضال احمد ولد مہربان ساکن مکان نمبر 3 گلی نمبر 1 محلہ رحمت کالونی شاہدرہ لاہور، کامران بھٹی ولد عبدالرزاق ساکن سوئی گیس روڈ شاہدرہ لاہور، عاصمہ بی بی، مریم یعقوب دختران عبدالرزاق ساکنان سوئی گیس روڈ شاہدرہ لاہور، ہرگاہ اپیل عنوان بالا میں ریسپانڈنٹس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ریسپانڈنٹس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ بتقرر 04-04-2024 کو بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت پیش ہو ورنہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔

(مہر عدالت) (دستخط حاکم)

روزنامہ مسافت

---

## بعدالت جناب سہیل انور خان نیازی صاحب نائب تحصیلدار تاندلیانوالہ

عنوان درخواست زیر دفعہ 135 لینڈ ریونیو ایکٹ بابت تقسیم زرعی اراضی بابت کھیوٹ نمبر 147/147 کھتونی نمبر 498 واقع پنڈی شیخ موسیٰ تحصیل تاندلیانوالہ: محمد عدنان شاہ بنام سرفراز شاہ پسر وغیرہ اشتہار بنام سرفراز شاہ پسر، شہباز بی بی دختر غلام محی الدین، نورین اختر بیوہ انوار الحق اقوام قریشی ہاشمی ساکنان پنڈی شیخ موسیٰ تحصیل تاندلیانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعی/مدعیہ/مدعیان نے درخواست تقسیم اراضی عدالت ہذا میں دائر کی ہے لہذا مورخہ 04-04-2024 کو عدالت حاضر آویں۔

---

## بعدالت جناب قدسیہ بانو صاحبہ سول جج سیالکوٹ

دعویٰ استقرار حق

عنوان اسد ملک وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ

اشتہار بنام 3 عبدالرفیق ولد عبدالغنی ایس سی 43 فلیٹ نمبر 6 سٹیڈیم روڈ اپوزٹ نیشنل لائبریری کراچی

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 06-04-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہو گا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے۔

---

## بعدالت جناب وقار عادل مرزا صاحب سول جج فیملی کورٹ رینالہ خورد

دعویٰ۔ تنسیخ نکاح واپسی سامان جہیز

عنوان مقدمہ۔ رفعت بی بی بنام وقاص علی

اشتہار اخبار بنام۔ وقاص علی ولد فریاد احمد قوم راجپوت ساکن k پلاٹ تحصیل رینالہ خورد ضلع اوکاڑہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر۔ تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ تاریخ مقررہ 05-04-2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ

---

## بعدالت جناب قمر الزمان تارڑ صاحب سول جج سیالکوٹ

دعویٰ دخلیابی

عنوان جواد اکرم بنام پروین اختر بیوہ وغیرہ

اشتہار بنام 1 پروین اختر بیوہ 2 عجاز اکرم 3 شہباز اکرم پسران 4 شبینہ اکرم دختر محمد اکرم ساکنان محلہ رحیم پور، شہباز پور، شہر سیالکوٹ ساکن گلی نمبر 13 سائنس ماڈرن سکول والی گلی، عرفات کالونی، حیدر روڈ تحصیل وضلع گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہو رہی ہے اس لیے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 04-04-2024 بوقت صبح 9 بجے حاضر عدالت نہ ہو گا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آوے گی آج بدست ہمارے اور مہر عدالت جاری ہوا ہے۔

---

## بعدالت جناب محمد عامر سلطان کلاچی صاحب جج فیملی کورٹ گجرات

دعویٰ: دلائے جانے سامان جہیز، طلائی زیورات وغیرہ

عنوان: بشریٰ پروین بنام محمد شکیل

اشتہار بنام: محمد شکیل ولد محمد صدیق قوم مغل ساکن گلی سانپانوالی دبل گلہ وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 09-04-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا بدستخط میرے معہ مہر عدالت جاری ہوا

---

## عاق نامہ

میں اپنے حقیقی بیٹے محمد عامر رحیم ولد عبدالرحیم کو بوجہ نافرمانی، گستاخی وغلط حرکات اپنی منقولہ وغیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آئندہ میرا اور میرے اہل خانہ کا اس سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہیں میں اس کے کسی بھی قول وفعل اور لین دین کی ذمہ دار نہ ہونگے تمام سرکاری وغیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں المشتہر عبدالرحیم ولد نواب دین ساکن نزد پیپسی کولا فیکٹری مکان نمبر 114/P گلی نمبر 3 محلہ سیٹلائٹ ٹاؤن تحصیل سٹی ضلع فیصل آباد

---

## بعدالت جناب حق نواز وٹو صاحب سول جج/گارڈین جج/جج فیملی کورٹ کمالیہ

بمقدمہ: آصف شاہ بنام زرعی ترقیاتی بنک

دعویٰ فہمید حساب میں زرعی ترقیاتی بنک کمالیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 03-04-2024 کو عدالت حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

---

## بعدالت جناب حق نواز وٹو صاحب سول جج/گارڈین جج/جج فیملی کورٹ کمالیہ

بمقدمہ: زینت سحر بنام حافظ وسیم علی

دعویٰ خرچہ نان ونفقہ وواپسی سامان جہیز میں حافظ وسیم علی ولد علی شیر قوم قریشی ساکن محلہ حسین شاہ کمالیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 03-04-2024 کو عدالت حاضر ہو کر اپنا موقف پیش کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

---

## بعدالت جناب سام اللہ صاحب فیملی جج شورکوٹ

عنوان مقدمہ: عابدہ مائی بنام مظہر شاہ۔ دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے حق خیار البلوغ۔ اخبار اشتہار بنام مظہر شاہ ولد رمضان شاہ قوم نکوکارہ سید سکنہ موضع ماڑی سہو تحصیل کبیروالا ضلع خانیوال ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ممکن نہ ہے اسلئے بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر 04.04.2024 کو بوقت 8 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا

---

## بعدالت جناب محمد نوید صاحب سینئر سول جج/گارڈین جج/جج فیملی ڈویژن قصور

مقدمہ نمبر 132FC بابت 28-03-24 دعویٰ تنسیخ نکاح) عنوان: شازیہ شعیب (مدعیہ) بنام چوہدری محمد شعیب اشتہار بنام چوہدری محمد شعیب ولد عبدالحلیم ساکن بحریہ ٹاؤن سفاری ولاز مکان نمبر 485 سیکٹر سرینہ لاہور (مدعا علیہ) ہرگاہ مدعا علیہ کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ برائے پیروی مقدمہ بالا بتقرر 08-04-2024 کو صبح 09 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آویں بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جاوے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

---

## بعدالت جناب ممتاز احمد صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج کھاریاں

اپیل دیوانی

عنوان: شہزادہ محمود وغیرہ بنام ثاقب محمود وغیرہ

اشتہار بنام: ثاقب محمود، اصغر محمود پسران غلام نبی اقوام آرائیں ساکنان سہنہ، رضیہ سلطانہ دختر غلام نبی زوجہ عبدالرزاق اقوام آرائیں ساکن ملی دلہاڑی بیچہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہم کی تعمیل آسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مدعا علیہم کو طلب کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ مورخہ 19-04-2024 کو بوقت صبح 09:00 بجے اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی، دستخط میرے اور مہر عدالت سے جاری ہوا ہے۔

---

## بعدالت جناب عرفان سعید صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج گجرات

عنوان: محمد سعید الزمان مفتی بنام محمد اکبر

اشتہار بنام: محمد اکبر ولد فیروز دین ذات بٹ ساکن محلہ قانونگویاں، افتخار احمد ولد چوہدری محمد حسین ساکن انجم کالونی، منیر احمد ولد احمد حسین۔ ساکن رحمت پورہ، عبداللطیف، شاہجہاں، محمد اعظم، عبدالمجید، احمد سعید پسران علاؤ الدین اقوام بٹ ساکنائے محلہ قانونگویاں، غلام عباس ولد احمد خاں ذات جٹ ساکن مکان نمبر 125-B بالمقابل ڈی سی ہاؤس گجرات شہر مقدمہ: اپیل دیوانی ہرگاہ اپیل عنوان بالا میں رسپانڈنٹس کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا رسپانڈنٹس کو بذریعہ اخبار اشتہار طلب کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی 04/04/2024 بوقت 9:00 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائیگی دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا ہے۔

# آئی جی جیل خانہ جات سے کارپٹ ایسوسی ایشن کے وفد کی ملاقات

قیدیوں کو قالینوں کی تیاری میں مارکیٹ کی طلب کے مطابق جدید تقاضوں کے مطابق تربیت دینے کے حوالے سے تبادلہ خیال

## ہمیں خوشی ہوگی قیدیوں کو مارکیٹ کی طلب کے مطابق جدید ہنر سکھانے کے لئے جوائنٹ وینچر کیا جائے' میاں فاروق نذیر

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر سے پاکستان کارپٹ مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے وفد نے ان کے دفتر میں ملاقات کر کے جیلوں میں قیدیوں کو ہاتھ سے قالینوں کی تیاری میں مارکیٹ کی طلب کے مطابق جدید تقاضوں کے مطابق تربیت دینے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا، پہلے مرحلے میں کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ اور پاکستان کارپٹ مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کا وفد (بقیہ نمبر 62)

میاں مجتبیٰ شجاع الرحمٰن کو صوبائی وزیر خزانہ بننے پر چوہدری علی افتخار، رانا عثمان گلدستہ پیش کر رہے ہیں

### سانحہ سیاچن گیاری سیکٹر کے شہداء کی بارہویں برسی 7 اپریل کو منائی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) سانحہ سیاچن گیاری سیکٹر کے شہداء کی بارہویں برسی 7 اپریل کو منائی جائے گی۔ 7 اپریل 2012ء کو سیاچن کے گیاری سیکٹر پر برف کا تودا گرنے سے 129 فوجی اور 11 سویلین شہید ہوئے تھے۔ سانحہ گیاری کے شہداء ناردرن لائٹ انفنٹری بٹالین سے تعلق رکھتے تھے۔ سات اپریل 2012ء کو سیاچن گلیشیر کے گیاری سیکٹر میں ناردرن لائٹ انفنٹری کے بٹالین ہیڈ کوارٹر پر برفانی تودا آن گرا، برفانی تودے نے تقریباً ایک کلومیٹر کے علاقے کو متاثر کیا۔ بٹالین ہیڈ کوارٹر گزشتہ (بقیہ نمبر 61)

### سیف سٹی نے سادہ لوح شہریوں سے نوسر بازی کرنے والا گینگ پکڑوا دیا

لاہور (این این آئی) سیف سٹی نے سادہ لوح شہریوں سے نوسر بازی کرنے والا گینگ پکڑوا دیا۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق 3 رکنی گینگ لاہور کے مختلف علاقوں میں شہریوں کو ٹارگٹ کرتا تھا، نوسر باز گینگ کا سرغنہ روڈ پر ایڈریس پوچھنے کے بہانے شہریوں کو روکتا، خود کو پیر اور گدی نشین ظاہر کرتے ہوئے لوگوں کو اپنی طرف راغب کرتا، گینگ کا دوسرا رکن جعلی پیر کی باتیں سچ ماننے کے لیے شہریوں کو اعتماد میں لیتا، نوسر باز جعلی پیر شہریوں کو موبائل اور پرس پکڑا کر چند قدم چل کر وظیفہ پڑھنے کا (بقیہ نمبر 60)

### گارڈن ٹاؤن، خاتون کو ہراساں اور تھپڑ مارنے والا رکشہ ڈرائیور گرفتار

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے گارڈن ٹاؤن میں خاتون کو ہراساں اور تھپڑ مارنے والے رکشہ ڈرائیور کو گرفتار کر لیا گیا۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن احمد چیمہ کے مطابق خاتون کو ہراساں کرنے کی کال 15 پر موصول ہوئی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ گارڈن ٹاؤن میں رکشہ ڈرائیور ناظم نے کرائے کے تنازع پر خاتون کو ہراساں کیا، تھپڑ مارا اور اس کا فون چھین کر فرار ہو گیا تھا۔ پولیس نے ملزم کو جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے گرفتار کیا، اس کے خلاف مقدمہ درج (بقیہ نمبر 56)

## شیخ معزالدینؒ فاؤنڈیشن کے زیر انتظام یوم علی المرتضیٰؓ کا انعقاد

### مولانا ابوالمدنی حافظ حفیظ الرحمٰن نے حضرت علی المرتضیٰؓ کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی

لاہور (سٹی رپورٹر) شیخ معزالدینؒ فاؤنڈیشن کے زیر انتظام جامع مسجد مدنی مدینہ کالونی عقب شالامار باغ لاہور میں امیر المومنین حضرت سیدنا علی ابن ابی طالبؓ کے یوم شہادت پر پُر وقار کانفرس کا اہتمام کیا گیا۔ جسکی سرپرستی چوہدری عبدالرحمٰن خاں جماعتی نے فرمائی۔ کانفرس کی صدارت پیر طریقت عبدالعزیز مرزا جماعتی نے فرمائی۔ قاری غلام مرتضیٰ فریدی نے کانفرس کا باقاعدہ (بقیہ نمبر 59)

## پاکستان، اُمت مسلمہ کی سربلندی کیلئے دعائیں ضرور کریں، شیخ عبدالمتین

### فلسطین میں ظلم و بربریت کا سامنا کرتے مظلوم مسلمانوں کیلئے آواز اٹھائیں

لاہور (سٹی رپورٹر) آل پاکستان ٹرک ٹرالہ اونرز ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری و نائب صدر مرکزی تنظیم تاجران لاہور شیخ عبدالمتین نے کہا ہے رمضان المبارک کی گزرتی ساعتوں میں پاکستان اور امت مسلمہ کی سربلندی کیلئے دعائیں ضرور کریں۔ فلسطین میں ظلم و بربریت کا سامنا کرتے مظلوم مسلمانوں کیلئے آواز اٹھائیں۔ عیدالفطر کی خوشیوں میں مستحق بے آسرا اور نادار انسانوں (بقیہ نمبر 58)

## حکومت پتنگ بازی کے حوالے سے سخت ترین پالیسی اپنائی جائے، عمر سرفراز

### پتنگ بازی جان لیوا کھیل، روک تھام کیلئے سخت ترین اقدامات انتہائی ضروری ہیں

لاہور (سٹی رپورٹر) ایگزیکٹو بورڈ ممبر پیاف عمر سرفراز نے کہا ہے پتنگ بازی جان لیوا کھیل ہے، جس کی روک تھام کیلئے سخت ترین اقدامات انتہائی ضروری ہیں۔ قاتل ڈوریں اور پتنگیں بیچنے اور بنانے والوں کیخلاف سخت ترین کارروائی کرنے کی ضرورت ہے۔ اس جان لیوا کھیل کے محرکات روکنے کیلئے ذمہ داران کو سخت سے سخت سزا دی جائے جو انسانی جانوں سے کھیل رہے ہیں۔ حکومت سے مطالبہ (بقیہ نمبر 57)

لاہور، سیکرٹری اطلاعات و ثقافت پنجاب دانیات سلیم گیلانی و دیگر خطاطی کی نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

# خیبر پختونخوا کو سب سے زیادہ فکر پنجاب کی ہے، اپنی طرف تو دیکھ لیں، عظمیٰ بخاری

مریم نواز عام آدمی کی بھلائی کے لئے دن رات کام کر رہی، خیبر پختونخوا کے لوگوں کو اپنے وزرا کا گریبان پکڑ کر پوچھنا چاہیے ہمارے لیے کیا کیا؟

### قوم اور اعلیٰ عدلیہ آئینی خلاف ورزی کو دیکھ رہی ہے، یہ آئین ہے کوئی موم کی ناک نہیں، وزیر اطلاعات کی پنجاب اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کو سب سے زیادہ فکر پنجاب کی ہے، اپنی طرف تو دیکھ لیں، خیبر پختونخوا کے لوگوں کو اپنے وزرا کا گریبان پکڑ کر پوچھنا چاہیے کہ ہمارے لیے کیا کیا ہے، قوم اور اعلیٰ عدلیہ آئینی خلاف ورزی کو دیکھ رہی ہے، یہ آئین ہے کوئی موم کی ناک نہیں۔ پنجاب اسمبلی کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ خیبر پختونخوا اسمبلی میں کسی قانون اور ضابطے کا اخلاق نہیں (بقیہ نمبر 52)

لاہور، ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب پرویز اقبال نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس میں انسٹی ٹیوٹ آف سپورٹس سائنسز پنجاب کا دورہ کر رہے ہیں

### فیصل آباد، دوران ڈکیتی مزاحمت پر سابق ایس ایچ او کا بیٹا قتل، مقدمہ درج

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد ڈکیتی میں مزاحمت پر سابق ایس ایچ او کا بیٹا قتل، سی پی او فیصل آباد نے نوٹس لے لیا، پولیس نے بھائی کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا، ملزمان کی فوٹیج سے شناخت کر کے تلاش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق جھنگ روڈ پر ریسکیو 1122 سٹیشن 2 کے قریب نامعلوم 2 ڈاکوؤں نے ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کر کے سابق ایس ایچ او کا بیٹا 44 سالہ سجاد ولد خالد کو قتل کر دیا۔ ملزمان واردات کے بعد موقع سے فرار ہو گئے۔ مقتول سابق ایس ایچ (بقیہ نمبر 50)

### ساہیوال کے نواحی گاؤں میں بچے کے قتل کا مقدمہ درج، ایک ملزم گرفتار

ساہیوال (این این آئی) ساہیوال کے نواحی گاؤں میں 9 سالہ بچے کے قتل کا مقدمہ درج کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے بتایا کہ بچے کے قتل کا مقدمہ 3 خواتین سمیت 4 افراد کے خلاف درج کیا گیا ہے۔ دو روز قبل 9 سالہ مقتول بچے کا 6 سالہ بچے سے گلی میں کھیلتے ہوئے جھگڑا ہوا تھا، فرسٹ انفارمیشن رپورٹ (ایف آئی آر) کے مطابق دوسرے بچے کے گھر والوں کو رنج تھا کہ ان کے بیٹے کو کیوں مارا۔ ایف آئی آر کے مطابق رنجش پر ملزمان نے بچے کو اپنے گھر لے جا کر مبینہ تشدد کر کے قتل کر دیا۔

### پنجاب، نئے تعلیمی سال کا آغاز، طلبہ کو مفت کتابیں نہ مل سکیں

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد سمیت پنجاب بھر میں نئے تعلیمی سال کا آغاز ہو گیا۔ پنجاب کے 48 ہزار سرکاری سکولوں میں نیا تعلیمی سال شروع ہونے کے باوجود طلبہ کو تاحال مفت کتابیں نہیں مل سکیں جس کے باعث طالب علم کتابوں کے بغیر ہی سکول آنے پر مجبور ہیں۔ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ مفت کتابیں شائع کر کے سرکاری سکولوں میں تقسیم کرتا ہے، امتحانات کے نتائج آنے سے پہلے مفت کتابیں (بقیہ نمبر 45)

## امیر المومنین علی ابن ابی طالبؓ حق و صداقت کا مینار نور ہیں، فدا حسین

### کائنات انسانی میں حیدر کرار شیر خدا کی رسول خدا سے وفا اور قربانی تاریخ کا سنہرا باب ہے

لاہور (سٹی رپورٹر) پاک چائنہ بزنس کمیونٹی کے چیئرمین حاجی فدا حسین نے کہا ہے امیر المومنین علی ابن ابی طالب حق و صداقت کا مینار نور ہیں۔ کائنات انسانی میں حیدر کرار شیر خدا کی رسول خدا سے وفا اور قربانی تاریخ کا سنہرا باب ہے۔ کنبہ رسولؐ کے نفوس قدسیہ تا قیامت اسلام کی حقانیت اور سربلندی کا نشان رہیں گے۔ اسلام کے دامن میں شجاعت حیدری اور سجدہ شبیری متاع (بقیہ نمبر 48)

## 2700 ارب ریونیو ملنے کی سوچ دیوانے کا خواب ہوگا' امانت بشیر

### ٹیکس کے زیر التواء 27 ہزار کیسز فوری حل کرنے کیلئے آرڈیننس لانے کا فیصلہ خوش آئند ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزر ایسوسی ایشن کے سینئر ممبر چوہدری امانت بشیر نے کہا ہے کہ حکومت کا ٹیکس کے زیر التواء 27 ہزار کیسز فوری حل کرنے کے لیے آرڈیننس لانے کا فیصلہ خوش آئند ہے تاہم اس سے 2700 ارب ریونیو ملنے کی سوچ دیوانے کا خواب ہے کیونکہ 85 فیصد کیسز غلط اسیسمنٹ کی وجہ سے زیر التواء ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹیکس بار کے (بقیہ نمبر 47)

## پٹرول بم گرانے کے بعد بجلی کے جھٹکے دیئے جا رہے ہیں' میاں زاہد

### بجلی، گیس اور بجلی کی قیمتوں میں اضافے نے چھوٹے تاجروں کی قمر توڑ کر رکھ دی ہے

لاہور (پ ر) سال ٹریڈرز اینڈ جنرل سٹورز ایسوسی ایشن کے مرکزی چیئرمین میاں زاہد نے کہا ہے کہ پٹرول بم گرانے کے بعد بجلی کے جھٹکے دیئے جا رہے ہیں۔ ایک دن پہلے 10 روپے پٹرول مہنگا کیا گیا آج بجلی کی قیمت میں 5 روپے اضافہ کر دیا گیا ہے۔ جو سراسر ظلم ہے۔ بجلی، گیس اور بجلی کی قیمتوں میں اضافے نے چھوٹے تاجروں کی قمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ پوری دنیا میں ان (بقیہ نمبر 46)

لاہور، صوبائی وزیر زراعت عاشق حسین کرمانی کاٹن مہم 2024 کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا انعقاد طارق روڈ پر کیا گیا

### ایم این اے خرم شہزاد ورک اور قاری رمضان جامعہ توحیدیہ نے خصوصی شرکت کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) سالانہ محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا انعقاد طارق روڈ پر کیا گیا جس میں ہر سال کی طرح غریب اور نادار لوگوں کے لیے خصوصی طور پر سحری کا انتظام بھی کیا گیا جس کے آرگنائزر معروف سماجی شخصیت حاجی غلام مرتضیٰ آف کویت والے تھے محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم میں مشہور شہرت یافتہ خطیب علامہ ناصر مدنی، ایم این اے خرم شہزاد ورک اور قاری رمضان جامعہ توحیدیہ نے خصوصی شرکت کی اس موقع پر حسنین مرتضیٰ، سلمان مرتضیٰ، سیٹھ حنیف، حافظ عمر ریاض شیخوپوریہ، علی ریاض، رانا توقیر، خان افضال خان، میاں نذیر، حاجی شفیق، شاہد زرگر، عرفان چوہان، عثمان مصطفیٰ، حسیب بلوچ، عدنان مصطفیٰ، سمیت شہر بھر کی معزز شخصیات نے بھرپور شرکت کی شرکا سے خطاب کرتے ہوئے علامہ ناصر مدنی نے کہا کہ رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں زیادہ سے زیادہ عبادت کریں اور اپنے والدین کے ساتھ حسن سلوک کے ساتھ پیش آئے والدین ایک ایسا قیمتی اثاثہ ہے، جس کا اللہ پاک نے کوئی نعم البدل نہیں بنایا والدین کی عزت و احترام ہم سب پر فرض ہے علامہ ناصر مدنی اور خرم شہزاد ورک نے حاجی غلام مرتضیٰ آف کویت کی اس کاوش جس میں یہ ہر سال محفل میلاد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے انعقاد اور غریب لوگوں کے لیے سحری کے اہتمام کو خوب سراہا آخر میں علامہ ناصر مدنی نے ملکی سلامتی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کروائی،

## تھانہ گرجاکھ پولیس کی بڑی کاروائی

### 02 کس ملزمان کیمیکل ڈور بیچتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار۔

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں پتنگیں بنانے والوں، پتنگیں اڑانے اور پتنگ بازی کا سامان بیچنے والوں کے خلاف کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ احکامات کے پیش نظر ڈی ایس پی کوتوالی حافظ امتیاز کی زیر نگرانی ایس ایچ او گرجاکھ انسپکٹر گوہر عباس نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ دوران گشت وناکہ بندی مخبر خاص کی اطلاع پر اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دو کس ملزمان کو گرفتار کر کے لاکھوں روپے مالیت کی کیمیکل ڈور کی گوٹیں / اپنے برآمد کر لیے۔ ملزمان سے برآمد ہونے والے مال میں 1041 عدد کیمیکل ڈور کی چھوٹی بڑی گوٹیں / اپنے شامل ہیں۔ دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ کیمیکل ڈور پشاور سے منگواتے تھے اور خود بھی تیار کرتے اور بعد ازاں گوجرانوالہ میں کیمیکل ڈوریں آن لائن فروخت کرتے۔ ملزمان کے خلاف قانونی کاروائی جاری ہے۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ انسانی جانوں کی حفاظت ضلعی پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، پتنگ بازی جان لیوا کھیل اور معصوم جانوں کا قتل عام ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پتنگ بازی کرنے والے اور پتنگ بازی کا سامان بیچنے والے کسی رعائت کے مستحق نہیں ان کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔

## مغل برادری کو مزید فعال اور متحرک بنانے کیلئے یونین کونسل سطح پر تنظیم سازی کا عمل تیز کر دیا گیا ہے، حاجی عبدالرؤف مغل

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) صدر آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ و سربراہ مغل مجلس شوری پاکستان حاجی عبدالرؤف مغل نے کہا ہے کہ مغل برادری کو مزید فعال اور متحرک بنانے کیلئے یونین کونسل سطح پر تنظیم سازی کا عمل تیز کر دیا گیا ہے تاکہ گوجرانوالہ سمیت پاکستان بھر میں مغل برادری کو متحرک و یکجاں کیا جا سکے۔ آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ کھیالی کور کمیٹی کا ماہانہ اجلاس وافطار و ڈنر پارٹی منعقد ہوئی، میزبانی کے فرائض کھیالی کور کمیٹی کے ایگزیکٹو ممبر محمد امتیاز مغل کیبل والے نے ادا کیئے۔ آنے والے مہمانوں کا گرمجوشی سے استقبال کیا گیا۔ پروگرام کی صدارت آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ کے صدر و سربراہ مغل مجلس شوری پاکستان حاجی عبدالرؤف مغل نے کی۔ پروگرام کا آغاز قرآن پاک کی تلاوت سے کیا گیا۔ یونین کونسل لیول تک تنظیم سازی کے عمل کو یقینی بنانے کا عزم کیا گیا۔ پروگرام میں شامل آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ کے سینئر نائب صدر چیئرمین مقصود احمد مغل، نائب صدر میاں خالد سیف اللہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری حافظ عبدالغفور مغل، انفارمیشن سیکرٹری محمد ندیم کھوکھر، فیصل مغل، غلام مصطفیٰ مغل، محمد شریف مغل، محمد امتیاز مغل، اجمل مغل، حافظ صاحب اور دوسرے ممبران نے شرکت کی، بعد میں پرتکلف کھانے کا بھی اہتمام کیا گیا۔

کیپشن گوجرانوالہ: آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ کھیالی کور کمیٹی کا ماہانہ اجلاس وافطار و ڈنر کے موقع پر شرکا کا صدر آل پاکستان تنظیم مغلیہ رجسٹرڈ و سربراہ مغل مجلس شوری پاکستان حاجی عبدالرؤف مغل، چیئرمین مقصود احمد مغل، میاں خالد سیف اللہ، حافظ عبدالغفور، محمد ندیم کھوکھر و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

## خبر لگانے پر لائن سپرنٹینڈنٹ نوید آپے سے باہر مختلف لوگوں کے ذریعے دھمکیاں بھیجنے لگا

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) تفصیلات کے مطابق لائن سپرنٹینڈنٹ کینٹ سب ڈویژن نے اپنے علاقے میں بجلی کے غیر قانونی کنکشنوں کی بھرمار کر رکھی ہے غیر قانونی طریقوں سے میٹر لگا کر لوگوں سے 50/40 ہزار روپیہ بٹور رہا ہے کمرشل فیکٹریوں کو گھریلو میٹر لگا کر ان سے منتھلی وصول کر رہا ہے غیر قانونی ٹانز کو بجلی فراہم کر رکھی ہے جبکہ ٹانز کے پاس جی ڈی اے سے این او سی بھی نہیں ہے موصوف سے جب بات کرنے کی کوشش کی تو بجائے شرمندگی کا اظہار کرتا اپنے بڑے بڑے لوگوں سے تعلقات بتانے لگا اور سنگین نتائج کی دھمکیاں بھی دی بقول لائن سپرنٹینڈنٹ نوید میرے اتنے لمبے ہاتھ ہیں کہ گیپکو چیف اور ایس ڈی او کینٹ سب ڈویژن میرے اشاروں پر ناچتے ہیں میں ہر فائل کنکشن کے بدلے ہزاروں روپے اوپر تک بانٹتا ہوں کوئی بھی میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا جا ہے جتنی مرضی خبریں لگا لو میرے اعلیٰ افسران میرے ساتھ ملے ہوئے ہیں اور میں جتنی بھی کرپشن کرتا ہوں ان کو باقاعدہ حصہ پہنچاتا ہوں ان کی آشیرباد سے اتنے دھڑلے سے ہر کسی سے پیسے مانگ لیتا ہوں کیونکہ میری پشت پر میرے اعلیٰ افسران موجود ہیں مجھے ان خبروں کی کوئی پرواہ نہیں لائن سپرنٹینڈنٹ نوید کی مزید کرپشن کی کہانیاں اگلے شمارے میں پڑھیے گا ان کے معطل یا ڈسمس ہونے تک ہم بھی اس کی کرپشن ڈھونڈ ڈھونڈ کر عوام کے سامنے لائیں گے چاہے ہمیں کوئی بھی قیمت ادا کیوں نہ کرنی پڑے

## اسسٹنٹ کمشنر و ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی کمالیہ غزالہ یاسین چدھڑ نے کمالیہ میں قائم امتحانی مراکز کا اچانک دورہ کیا

کمالیہ (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر و ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی کمالیہ غزالہ یاسین چدھڑ نے کمالیہ میں قائم امتحانی مراکز کا اچانک دورہ کیا۔ امتحانی مراکز میں عملے کی حاضری، صفائی، سیکیورٹی، دستیاب سہولیات اور پیپرز کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے امیدواروں کی رول نمبر سلپس اور امتحانی کا پیاں بھی چیک کی۔ متعلقہ افسران کو شفاف امتحانات کے انعقاد کے لیے الرٹ رہ کر فرائض سرانجام دینے کی ہدایت کی۔

## گھروں اور دکانوں کے تالے توڑ کر وارداتیں کرنے والا ریکارڈ یافتہ چور ہارونی فقیر نکلا

فاروق آباد (رانا محمد ادریس سے) گھروں اور دکانوں کے تالے توڑ کر وارداتیں کرنے والا ریکارڈ یافتہ چور ہارونی فقیر جس کو ایس ایچ او سٹی فاروق آباد واجد عباس نے ڈی پی او شیخوپورہ زاہد نواز مروت کی ہدایت پر انتھک محنت کرتے ہوئے ساتھی پولیس اہل کاروں کی کاوش سے گرفتار کر لیا ملزم کے قبضہ سے لاکھوں روپے مال مسروقہ نقدی اور گھریلوسامان برآمد کر لیا گیا ہے زیر حراست ملزم سابقہ ریکارڈ یافتہ ہے جو علاقہ مکینوں کے لیے درد سر بنا ہوا تھا ہارون عرف ہارونی فقیر چور سٹی فاروق آباد پولیس کو متعدد وارداتوں میں مطلوب تھا جس کو گرفتار کر لیا گیا ہے ڈی پی او شیخوپورہ زاہد نواز مروت نے ملزم کی گرفتاری پر ایس ایچ او واجد عباس اور ان کی ٹیم کو شاباش دی ہے اور مزید چوروں اور ڈاکوؤں کے خلاف کاروائیاں تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔ رانا محمد ادریس نامہ نگار فاروق آباد

لاہور، آئی جی جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر سے سینئر وائس چیئرمین عثمان اشرف کی قیادت میں پاکستان کارپٹ مینوفیکچرز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کا وفد ملاقات کر رہا ہے

## مریم نواز قابل، عوام دوست اور محنتی و محبّ وطن لیڈر ہیں، اضرار علی کھوکھر

### مہنگائی کا خاتمہ، ملکی معیشت کی بحالی اور عوام کے مسائل کا حل ن لیگ کی اولین ترجیح ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنماء وسابق کونسلر یونین کونسل 245 دولو خورد حاجی اضرار علی کھوکھر نے کہا ہے کہ ملکی معیشت کی بحالی اور عوام کے مسائل کا حل ن لیگ کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز عوام سے کئے گئے تمام (بقیہ نمبر 35)

## وزیر اعظم ملک کو بحرانوں سے نکالنے کیلئے دن رات کوشاں ہیں، چوہدری شاہد

### جلد خوشحالی کا دور آئیگا، ن لیگ تمام سیاسی قوتوں کے ساتھ مل کر ملک کو بحران سے نکالنا چاہتی ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن یوتھ ونگ لاہور ڈویژن کے نائب صدر چوہدری شاہد علی خان نے کہا ہے کہ جلد خوشحالی اور بہتری کا دور آئے گا وزیر اعظم میاں شہباز شریف قابل، تجربہ کار اور باصلاحیت سیاستدان ہیں امید ہے کہ وہ ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کر دیں گے (بقیہ نمبر 36)

لاہور، صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر اور دیگر سینٹ انتخابات میں ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد پنجاب اسمبلی کے ایوان سے باہر آ رہے ہیں

### ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کا بنیادی فرض ہے، متحدہ علما کونسل

لاہور (این این آئی) متحدہ علما کونسل پاکستان کے مرکزی صدر مولانا زاہد الراشدی، سیکرٹری جنرل سردار خان لغاری، مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا ڈاکٹر ملک سلیم، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا راغب حسین نعیمی، مولانا عبدالغفار روپڑی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ختم نبوت کا تحفظ ہر مسلمان کا بنیادی فرض ہے، مذہبی طبقے کا اتحاد وقت کی ضرورت ہے اسلام دشمن عناصر دفاعی اداروں کیخلاف ہرزہ سرائی کر رہے ہیں، کسی بھی شخص کو انسانی حقوق اور مذہبی آزادی کی آڑ میں گستاخی رسول ﷺ کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ جزو ایمان ہے، اللہ تعالیٰ نے (بقیہ

### ذوالفقار علی بھٹو کی 45 ویں برسی 4 اپریل کو منائی جائے گی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی چیئرمین و سابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 45 ویں برسی 4 اپریل کو منائی جائے گی اس سلسلے میں ملک بھر میں پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام ذوالفقار علی بھٹو کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی، اجتماعی فاتحہ خوانی اور دیگر تقریبات منعقد ہوں گی جبکہ ذوالفقار علی بھٹو کی جمہوریت اور ملک و قوم کیلئے خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالی جائے گی

## اقوام متحدہ کی رکنیت لینے کے لیے فلسطینی اتھارٹی کوشاں

### سلامتی کونسل 18 اپریل کو ہونے والے وزارتی اجلاس میں اس بارے میں فیصلہ کرے، فلسطینی سفیر

نیویارک (این این آئی) فلسطینی اتھارٹی کی کوشش ہے کہ اقوام متحدہ کی 15 رکنی سلامتی کونسل اسی ماہ فلسطینی اتھارٹی کو اقوام متحدہ کی مکمل رکنیت دینے کی منظوری کے لیے ووٹنگ کرے۔ تاہم فلسطینی اتھارٹی کے اقوام متحدہ میں نمائندے یہ خدشہ ظاہر کرتے ہیں کہ اسرائیل کا سب سے بڑا اتحادی امریکہ ان کوششوں کو رکوا سکتا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق فلسطینی اتھارٹی کے اقوام متحدہ میں مستقل مبصر کے طور پر نمائندگی کرنے والے ریاض منصور اپریل میں مکمل رکنیت کے حصول کے فلسطینی منصوبے کو ایسے وقت میں سامنے لائے ہیں۔ جب اسرائیل کی غزہ میں جنگ کے چھ ماہ مکمل ہو رہے ہیں اور اس جنگ میں 32 ہزار سات سو سے زائد فلسطینی ہلاک ہو چکے ہیں۔ اسرائیل نے مقبوضہ مغربی کنارے میں ناجائز یہودی بستیوں کی تعمیر بھی جاری رکھی ہوئی ہے۔ ریاض منصور (بقیہ نمبر 39)

### امریکہ اور بھارت خطے کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں، جے یو آئی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علما اسلام سٹی لاہور افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ امریکہ اور بھارت خطے کا امن تباہ کرنا چاہتے ہیں، پاکستان اس وقت نازک دور سے گزر رہا (بقیہ نمبر 38)

لاہور، صوبائی وزیر تعلیم رانا سکندر حیات پنجاب اسمبلی کے احاطہ میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

# عالمی بینک آئندہ مالی سال میں ملک میں مہنگائی کی شرح میں کمی کی پیشگوئی

رواں مالی سال کے دوران بجٹ خسارہ بڑھ کر جی ڈی پی کے 8 فیصد تک رہنے کا تخمینہ، شرح سود اور مہنگائی میں کمی کا انحصار پائیدار مالی استحکام پر ہے

### رواں مالی سال پاکستان کی شرح نمو 1.8 فیصد رہنے کا امکان، توانائی کے شعبے کیساتھ ساتھ پنشن اور سول سروس میں اصلاحات بھی ناگزیر ہیں، رپورٹ

نیویارک (این این آئی) عالمی بینک نے امکان ظاہر کیا ہے کہ رواں مالی سال پاکستان کی معاشی شرح نمو 1.8 فیصد رہے گی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق عالمی بینک نے پاکستان میکرو اکنامک آؤٹ لک رپورٹ میں بتایا کہ مالی سال 2025 میں پاکستان کی شرح نمو 2.3 فیصد جبکہ مالی سال 2026 میں 2.7 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ عالمی بینک کے مطابق رواں مالی سال 2023-24 کے دوران شعبہ زراعت کی ترقی 3 فیصد تک (بقیہ نمبر 40)

## ادویات سازی کی کمپنیوں کے بعد از ٹیکس منافع میں 42 فیصد کی کمی

### 2022 میں ادویات سازی کی کمپنیوں کو 13.67 ارب روپے کا بعد از ٹیکس منافع حاصل ہوا تھا

کراچی (این این آئی) ملک میں ادویات سازی کی کمپنیوں (فہرستی) کے بعد از ٹیکس منافع میں سال 2023 کے دوران 42 فیصد کی کمی ہوئی ہے۔ پاکستان سٹاک ایکسچینج میں کمپنیوں کی جانب سے جمع کردہ مالیاتی اعداد و شمار اور ٹاپ لائن سیکیورٹیز کے مطابق سال 2023 میں فہرستی ادویات سازی کی کمپنیوں کو 7.891 ارب کا بعد از ٹیکس منافع حاصل ہوا جو سال 2022 کے مقابلہ میں 42 فیصد (بقیہ نمبر 41)

### لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس: علی امین گنڈا پور کے وارنٹ گرفتاری منسوخ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس میں خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور کے وارنٹ گرفتاری منسوخ کر دیئے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ نوید خان کی عدالت نے اسلام آباد ہائی کورٹ سے ڈسچارج کرنے کے فیصلے کی روشنی میں وارنٹ گرفتاری منسوخ کیے۔ عدالت نے علی امین گنڈا پور کے خلاف لانگ مارچ توڑ پھوڑ کیس کی سماعت 20 مئی تک ملتوی کر دی۔

لاہور، خواتین اراکین پنجاب اسمبلی سینٹ انتخابات میں ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد واپس جا رہی ہیں

### کراچی آلودہ ترین شہروں میں چھٹے نمبر پر، فضائی معیار مضر صحت قرار

کراچی (این این آئی) دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں کراچی چھٹے نمبر پر آ گیا جہاں ایئر کوالٹی انڈیکس 155 ریکارڈ کیا گیا ہے۔ دنیا بھر میں ایئر کوالٹی کو مانیٹر کرنے والی ویب سائٹ کے مطابق مضر صحت ایئر کوالٹی کے اعتبار سے دنیا بھر میں کراچی کا چھٹا نمبر ہے جہاں فضائی معیار مضر صحت ہے۔ ایئر کوالٹی انڈیکس کے مطابق آلودہ ترین شہروں میں لاہور ساتویں نمبر پر ہے جہاں ایئر کوالٹی انڈیکس 154 ریکارڈ کیا گیا ہے جب کہ دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں دہلی 180 ایئر کوالٹی انڈیکس کے ساتھ پہلے نمبر پر ہے۔

## اوورسیز پاکستانی اپنے ملک میں سرمایہ کاری کریں، پاکستان مسلم لیگ

### ایس آئی ایف سی کے ذریعے سرخ فیتے کا خاتمہ کیا گیا ہے، جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانی اپنے ملک میں سرمایہ کاری کریں، ایس آئی ایف سی کے ذریعے سرخ فیتے کا خاتمہ کیا گیا ہے اور سرمایہ کاروں کو تمام سہولیات ایک چھت تلے فراہم کی جا رہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اوورسیز پاکستانی عدنان کی جانب سے دیئے گئے افطار ڈنر کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 42)

### عالمی سطح پر ہر شخص سالانہ 79 کلو کھانا ضائع کرتا ہے، اقوام متحدہ رپورٹ

کراچی (این این آئی) عالمی سطح پر ہر شخص سالانہ تقریباً 79 کلو کھانا ضائع کرتا ہے جو عالمی سطح پر یومیہ 1 ارب ضائع شدہ کھانا بنتا ہے۔ اقوام متحدہ کے فوڈ ویسٹ انڈیکس کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق 2022 میں دنیا بھر میں پیدا ہونے والی خوراک کا 19 فیصد فضلہ کے طور پر ضائع کر دیا گیا ہے جو تقریباً 1.05 ارب میٹرک ٹن خوراک کے برابر ہے۔

## متروکہ وقف املاک کا آپریشن، اربوں مالیت کی اراضی واگزار

### ناجائز قابضین کیخلاف بلا امتیاز آپریشن جاری رہیں گے، چیئرمین ارشد فرید خان

لاہور (این این آئی) متروکہ وقف املاک بورڈ کا ملک بھر میں ناجائز قابضین کے خلاف آپریشن، اربوں روپے مالیت کی قیمتی اراضی واگزار کروا لی گئی۔ سیکرٹری بورڈ فرید اقبال نے چیئرمین کے احکامات کے مطابق آپریشن کی نگرانی کی، متروکہ وقف املاک بورڈ نے ایف آئی اے کے ہمراہ کراچی میں قبضہ مافیا کے خلاف جوائنٹ آپریشن کر کے ٹرسٹ بورڈ کی 8 ارب سے زائد ملکیتی اراضی واگزار کروائی (بقیہ نمبر 43)

لاہور، ڈائریکٹر جنرل محکمہ بہبود آبادی ثمن رائے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔ 0320-1420226